قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم الطاعون شہادۃ لکل مسلم

الحمد للہ الذی یدعوہ الداعون این رسالہ مشتمل بمسائل
طاعون ماخوذ از روایات صحیحہ علمائے داعون المسمی بہ

مسائل الطاعون اور داعون

مولفۂ غبار اقدام العلما الکرام عبد ذلیل رب جلیل محمد عبد الہادی
ابن الحاج محمد عبد الکریم تغمدہما اللہ بفضلہ جسیم

در مطبع شمس المطابع عثمان گنج حیدرآباد دکن طبع شد

تمہید

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین الذی جعل الطاعون رحمۃ للمومنین والصلوٰۃ والسلام اتمان الاکملان علی سید المرسلین الذی بشر بالشہادۃ من مات بہ من المسلمین وعلی الہ واصحابہ اجمعین الی یوم الدین۔

امابعد - چونکہ فی زمانہ مرض طاعون جابجا پھیلا ہوا ہے خصوصاً شہر حیدرآباد میں آج کل دورہ کر رہا ہے اور خلق اللہ نہایت پریشان وحیران ہے اور ہماری سرکار فیض آثار بھی انتظام میں ہزارہا روپیہ خرچ کر کے ہر مقام پر بندوبست کر رہی ہے۔ بہر طور اپنے ملک و رعیت کی حفاظت کرنا جو سرکار کا فریضہ ہے ادا کرتی ہے اور از راہ ترحم خسروانہ بوقت ورود مرض طاعون جس حکیم سے چاہے علاج کرانے کی عام اجازت دی ہے اور قوانین میں بھی بہت کچھ رعایت فرمائی ہے مگر جب تک کہ اللہ تعالیٰ اپنا فضل نہ فرماے اس سے رہائی کی کوئی صورت نہیں دکھائی دیتی اور خدا تعالیٰ فرماتا ہے کہ اے بندو مشکل اور سختی کے وقت تم میری طرف بھاگو۔ جیسا کہ سورہ ذاریات میں ہے ففروا الی اللہ۔ مگر اب ... اپنے اپنے خیال و خواہش نفسانی کے درپے ہو کر خدائے تعالیٰ سے منہ پھیر کر مکانوں کا تخلیہ ... مالک ... رہتے ہیں اور ہر شخص اپنی اپنی تدبیر اور رائے کو کام میں لا رہے ہیں اور یہہ نہیں خیال کرتے ... ہکے متعلق خدا و رسول نے کیا ارشاد فرمایا ہے۔ اور شریعت محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ... بین کیا فیصلہ کیا ہے۔ مسلمانوں کا یہہ فریضہ ہے کہ اپنا ہر عقیدہ اور ہر عمل شرع شریف کے موافق رکھیں اور اپنی رائے کو کسی حال میں حکم شرع پر مقدم نہ کریں ارشاد باری ہے۔ یا ایہا الذین آمنوا لا تقدموا بین یدی اللہ ورسولہ واتقوا اللہ یعنے اے ایمان والو خدا اور رسول کے حکم پر تقدیم مت کرو اور ڈرو اللہ تعالیٰ سے۔

عقیدہ کی درستی ہی سے ایمان سلامت رہتا ہے۔ دین سنبھلتا ہے۔ اور آخرت کی خوبیاں نصیب ہوتی ہیں۔ جب عقیدہ ہی بگڑ جاتا ہے تو سب باتوں میں خرابی لازم آتی ہے۔ اور طاعون سے جو فضیلت اور بھلائی آخرت میں مسلمانوں کو حاصل ہونے والی ہے وہ نیک عقیدہ ہی پر موقوف ہے بڑا افسوس کہ طاعون کی نسبت مسلمانوں کا عقیدہ روز بروز خراب ہو رہا ہے اور انکو اپنے ایمان اور آخرت کی گویا فکر ہی نہیں ہے۔ فائدہ چاہتے ہیں تو دنیا کا۔ راحت کی خواہش ہے۔ تو دنیا میں دولت و بھلائی کی تمنا ہے۔ تو دنیا میں آخرت کا کیسا ہی نقصان ہو۔ عاقبت برباد ہو جائے۔ اسکا کچھ غم نہیں

غم دین خور کہ غم غم دین است ٭ ہمہ غم ہا فرو تر از این است ٭ غم دنیا مخور کہ بیہودہ است ٭ ہیچ کس در جہان نیاسودہ است

الغرض جنکو نہ دین کا غم ہے نہ آخرت کی فکر ایسون کو آخرت کی بھلائی کا کچھ حصہ کیونکر ملے گا۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے فمن الناس من یقول ربنا اتنا فی الدنیا وما لہ فی الاٰخرۃ من خلاق ط جب اخوان مسلمین کی یہ حالت دیکھنے مین آئی تو اس بندۂ ناکارۂ آفاق کا ارادہ ہوا کہ ایک کتاب متعلق باحکام طاعون خوب تفصیل کے ساتھ ایسی لکھی جائے کہ جس مین معترضین کے تمام شکوک واعتراضات کے جوابات بھی مندرج ہون لیکن علالت اور نقاہت کی وجہ سے عاجز ہوکر سردست ایک مختصر رسالہ لکھنے پر مستعد ہوا تاکہ مسلمان بھائیون کو حقیقت طاعون اور اوسکے احکام سے جو شریعت مین وارد ہین آگاہی ہو جائے اور مجھ ناکارہ کے حق مین دعائے خیر کرین۔ عمل کرنا نہ کرنا انکا اختیار ہے اس رسالہ کے اکثر مضامین کنز العمال وکتاب الدعاء والدواء لدا الطاعون والوباء وبشارۃ المحزون بشہادۃ الطاعون سے ماخوذ ہین۔ اور باقی مسند امام احمدؒ ومجالس الابرار وفتاوی عزیزیہ جدیدہ والماعون فی تحریم الفرار عن الطاعون وتفسیر سراج منیر وتفسیر احمدی وتذکرۃ الحفاظ للذہبی ومرقاۃ المفاتیح وغیرہا سے منقول ہین۔ پس ناظرین باتمکین کی خدمات مین راقم مسکین کی بعجز وادب التماس ہے کہ یہ رسالہ چونکہ سخت علالت کی حالت مین مرتب ہوا ہے۔ لہذا اگر کہین اس مین بوجہ مرض یا بتقاضائے بشریہ جو لازمہ انسان ہے کسیطرح کی غلطی نظر آئے تو صحیح فرمالین اور اس ناکارہ کو معذور تصور کرین۔ وما علینا الا البلاغ ان ارید الا الاصلاح ما استطعت وما توفیقی الا باللہ علیہ توکلت والیہ انیب ٥

طاعون قدیم مرض ہے۔

جاننا چاہیئے کہ طاعون کوئی نئی بیماری نہین ہے۔ بلکہ بہت قدیم مرض ہے اور تحقیقاً یہ امر ثابت ہوا ہے کہ یہ مرض حبش یعنے افریقہ سے پیدا ہوکر دوسرے ممالک مثل عرب واستنبول وغیرہ کی طرف پھیلا ہے۔ بہت ایام کے پیشتر ملک یورپ وروس وفرانس مین شایع ہوا تھا جس سے خلق کثیر نے موت کا ذائقہ چکھا تھا۔ روفس جو قدیم یونانی حکیم ہے وہ اپنی کتاب مین لکھتا ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے تین سو برس پہلے مصر وشام وغیرہ مین یہ بیماری وارد ہوئی جس سے دس لاکھ آدمی عرصۂ قلیل مین جان بحق تسلیم کئے۔ اور اس مرض کا سلسلہ چوتھی صدی عیسوی سے بیسوین صدی تک برابر جاری رہا ہے۔ گو کہ بعض صدیون کا حال تواریخ سے ہم پر ظاہر نہوا ہو۔

ہم اس مقام پر چند واقعات کی تشریح ناظرین کے پیش کرتے ہین جس سے اس مرض کے شیوع کا اندازہ ہوسکتا ہے۔

چوتھی صدی کا طاعون اس مرض سے موری راجپوتانہ کا نام ونشان نرہا۔ ملک میواڑ وشہر پٹن

ہر و ونیست و نابو د ہو گئے۔

پانچوین صدی کا حال تاریخ سے معلوم ہوا غالباً خالی نہ گزری ہوگی۔

چھٹی صدی کا طاعون ۵۳۲ء۔ یہ وبا پلیوزیم (واقع مصر) سے شروع ہوکر برابر دو سال تک رہی ۵۴۴ء میں قسطنطنیہ پہونچی وہان ایک روز مین دس ہزار آدمی ہلاک ہوتے تھے ۵۴۶ء مین فرانس مین پہونچکر شہر آرگال کو تباہ کی اور ۵۴۳ء اور ۵۶۵ء مین اٹلی کی ایسی تباہی ہوئی کہ آج تک یادگار زمانہ ہے اور اسی صدی مین نہایت شدید طاعون یورپ مین پیدا ہوکر پچاس سال تک وہین پھیلا رہا اور وہ زمانہ جسٹینین کی حکومت کا تھا اسی سئے اسکو انگریزی مین جسٹینین پلیگ کہتے ہین۔

تاریخ اسلام

پہلا طاعون۔ ۶ سنہ ہجری مین شہر مداین یعنے دار الخلافت یونان مین واقع ہوا اور اس زمانہ کے بادشاہ کا نام شیرویہ تھا لہذا اسکا نام طاعون شیرویہ رکھا گیا۔

دوسرا طاعون۔ عمواس کا ۱۸ سنہ ہجری مین ملک شام مین نہایت تیزی کے ساتھ پھیلا اوسوقت حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالی عنہ کی خلافت کا زمانہ تھا اوس طاعون مین مشاہیر صحابہ مین سے ابو عبیدہ بن الجراح معاذ بن جبل شرجیل بن حسنہ فضیل بن عیاض ابو مالک اشعری یزید بن سفیان (معاویہ رضی اللہ عنہ کے بھائی) حارث بن ہشام رضی اللہ عنہم رحلت فرمائے۔

تیسرا طاعون۔ حضرت عبد اللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کے زمانہ خلافت مین بمقام بصرہ شروع ہوا پہلے روز ستر ہزار دوسرے روز اکہتر ہزار اور تیسرے روز تہتر ہزار نفوس ہلاک ہوئے۔ مکتوبات امام ربانی رحمتہ اللہ تعالی مین حلیتہ الابرار سے منقول ہے کہ اسی وبا مین حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے ۸۳ تراسی بچے اور حضرت عبد الرحمن بن ابی بکر رضی اللہ عنہما کے چالیس لڑکے فوت ہوئے کثرت اموات کی یہ نوبت تھی کہ جمعہ کے روز ابن عامر رضی اللہ عنہ نے منبر پہ کھڑے رہکر دیکھا تو فقط سات مرد اور ایک عورت مسجد جامع مین نظر آئے اور امیر بصرہ کے والدہ کا جنازہ اٹھانے کے لئے آدمی نہ ملے اس طاعون کا نام طاعون الجارف مشہور ہے۔

چوتھا طاعون۔ ۸۷ سنہ ہجری مین بصرہ و واسط شام مین واقع ہوا اس مین جوان عورتین زیادہ وفات پائین اسی لئے اسکا نام طاعون الفتیات رکھا گیا

پانچوان طاعون۔ طاعون الفتیات کے علاوہ انھین ممالک مین ایک اور طاعون پیدا ہوا تھا جسکا نام

طاعون الاشراف تھا اس مین شریف لوگ بکثرت مرے تھے۔

چھٹا طاعون | ماہ رجب ۱۳۱ھ مین شروع ہو کر شوال مین ختم ہوا کثرت اموات کی یہ کیفیت تھی کہ مربد کی سڑک پر کم وبیش روزانہ ہزار جنازے گزرتے تھے اس مین اسحاق بن شہ ید العدوی رح فرقد بن یعقوب السبخی رح اور ایوب السختیانی رح انتقال فرمائے تاریخون مین اسکا نام طاعون مسلم بن عتبہ مرقوم ہے۔ طاعون الجارف سے پیشتر ۴۹ھ مین اسکا وقوع کوفہ مین ہوا۔ مغیرہ بن شعبہ طاعون کے خوف سے کوفہ چھوڑ کر فرار ہو گیا بعد ارتفاع طاعون واپس آتے ہی مبتلائے طاعون ہو کر انتقال کیا۔

۵۳ھ | مین شام وعراق مین وارد ہوا جس مین زیاد بن ابی سفیان فوت ہوا۔

۱۱۶ھ | مین شام وعراق اور ۱۱۸ھ مین واسط مین طاعون شایع ہوا جس مین حافظ الحدیث قتادہ بن دعامہ مشہور محدث وفات پائے اور ۱۲۷ھ مین بصرہ اور ۱۳۴ھ مین رےّ اور ۱۴۶ھ مین بغداد اور ۲۲۱ھ مین بصرہ اور ۲۴۹ھ مین عراق اور ۲۵۸ھ مین آذربیجان اور بردعہ مین وارد پایا جس مین محمد بن سیاح کی اسّی اولاد مرین اور ۲۹۹ھ مین ملک فارس مبتلائے طاعون ہوا اور بیشمار جانین تلف ہوئین اور ۳۲۴ھ مین بلاد ہندوستان وفارس وغیرہ پر ظاہر ہو کر بغداد تک پھیلگیا۔ یہ طاعون تمام طاعونون سے نہایت شدید تھا۔

۷۴۹ھ | مین بھی ایک شدید طاعون عالمگیر ہوا کہ جس کی نظیر اتبک دنیا مین مفقود ہے اور اس وقت یہہ مرض مکہ مکرمہ مین بھی پہونچا انسان تو کیا حیوان بھی بکثرت ہلاک ہوے اس کے نزول سے تمام عالم تہ وبالا ہوگیا ابن ابی حجلہ کا قول ہے کہ اس وبا نے مغربی دنیا مین نصف سے زیادہ مردم شماری کا صفایا کردیا انگریزی مورخین نے اس کا نام بلیگ ڈیتھ رکھا ہے۔ اکثر مورخین کا خیال ہے کہ اول یہ مرض چین سے شروع ہوا تھا اور اس مین ایک کروڑ تیس لاکھ آدمی ہلاک ہوئے۔ وہان سے آرمینیہ ہوتے ہوئے ایشیائے کوچک مین پہونچا پھر وہان سے مصر وشرق آفریقہ مین پھیلا۔ اوس زمانہ کی مردم شماری کے لحاظ سے ڈھائی کروڑ آدمی فوت ہوئے شیر شاہ کے زمانہ کا طاعون ہندوستان بھی اسی سنہ سے تعلق رکھتا ہے۔ تاریخ مین لکھا ہے کہ شیر شاہ نے کسی درویش کو کسی جرم پر کوڑے لگانے کا حکم دیا اوس وقت درویش طاعون مین مبتلا تھا گلٹیون پر کوڑے لگتے ہی اس کے صدمے اس نے جان بحق تسلیم کی اس واقعہ کے بعد عام طور سے مرض طاعون پھیل پڑا ہزارون جانین ضائع ہونے کے بعد موقوف ہوا اوسوقت عیسوی چودھوین صدی تھی۔

۱۶۶۵ء | مین پایۂ تخت انگلینڈ مین بھی یہ مرض شایع ہوا کہتے ہین کہ ایک ثلث آبادی نذر طاعون ہوگئی

اسی سنہ مین بزمانہ بادشاہ چارلس ثانی انگلینڈ مین اسکا ورود ہوا عرصہ قلیل کے اندر ایک لاکھ آدمی کو زیر زمین کردیا اوسی سال تمام یورپ مین متعدد امراض مہلکہ سے دو کروڑ پچاس لاکھ آدمی فوت ہوئے چنانچہ تاریخ انگلستان مین مذکور ہے سنہ ۱۶۹۷ء بمقام حلب جو دمشق کے قریب نہایت آباد شہر ہے اس مرض سے ساٹھ ہزار آدمی ہلاک ہوے۔ مشرقی چین کے طرف صوبہ ہانگ کانگ کے بندر مین ۱۸۷۱ء سے ۱۸۹۴ء تک یہ بیماری رہی ہے۔

احاطہ ہندوستان مین متعدد اوقات طاعون کا پتہ چلتا ہے خصوصاً گجرات۔ احمد آباد۔ دکن وغیرہ مین اکثر طاعون ہوا ہے چنانچہ ہندی ولایتی مصنفین وسیاحین کے بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ سنہ ۱۳۲۵ء سنہ ۱۳۹۹ء ۱۴۳۸ء ۱۵۷۴ء سنہ ۱۵۹۷ء سنہ ۱۶۱۱ء سنہ ۱۶۸۳ء سنہ ۱۶۹۳ء سنہ ۱۷۰۲ء سے سنہ ۱۷۰۵ء تک اور سنہ ۱۷۷۰ء ۱۸۳۶ء اور سنہ ۱۸۳۸ء مین دکن وغیرہ اس مرض سے متاثر ہوچکا ہے۔ واقعات جہانگیری مین درج ہے کہ سنہ ۱۶۱۴ء مین پہلے پنجاب مین اسکا ورود ہوا۔ پھر لاہور۔ سرہند وغیرہ سے دہلی تک پھیل گیا شہنشاہ کو بعض ماہرین نے اس بیماری کی وجہ یہ بتلائی کہ دو سالہ خشک سالی سے ایک زہریلا مادہ ہوا مین پھیل گیا اور وہی اس بیماری کا باعث ہے مگر شہنشاہ کو ان اسباب پر اعتماد کلی نہ تھا لہذا حق تعالی پر بھروسہ کئے ہوئے تھے۔

سنہ ۱۶۱۸ء مین بمقام احمد آباد طاعون سے انگریزون کو سخت صدمہ پہونچا ایک پادری صاحب کے سفرنامہ سے معلوم ہوتا ہے کہ سفیر انگریزی کے خاندان سے بہت لوگ راہی ملک بقا ہوئے بیچارے کے چوبیس ۲۴ مصاحب تھے ان مین سے چھ ۶ باقی رہگئے اور انھین ایام مین بسورے سے خبر ملی کہ وہان مذکور مرض سے اٹھارا روز مین دو لاکھ آدمی ہلاک ہوئے مگر کپتان الگزنڈر ہاملٹن اپنی تصنیف مشتہرہ سنہ ۱۸۲۳ء مین اس عدد کو اسی ہزار تک محدود کرتے ہین اور بعض تواریخ سے ظاہر ہوتا ہے کہ سترہوین صدی مین یہ بیماری آگرہ پہونچکر بہت سے مخلوق کو زیر زمین کی۔ اور سنہ ۱۸۱۵ء مین گجرات کاٹھیاواڑ مین نمود ہوکر سنہ ۱۸۴۹ء سنہ ۱۸۵۰ء سنہ ۱۸۵۲ء مین اضلاع جنوبی ہندوستان مین اس کا زور وشور رہا اور سنہ ۱۸۹۶ء مین اس مرض نے بمبئی مین پھر اپنا قدم جمایا رفتہ رفتہ اطراف واکناف مین بہت دور تک پھیلگیا۔ کراچی۔ ونج محل۔ کیرہ۔ بھروچ۔ سورت۔ ٹھانہ۔ ناسک۔ پونہ۔ ستارا۔ شولاپور۔ احمدنگر۔ بلگام۔ دھارواڑ۔ بیجاپور وغیرہ وغیرہ قدیم شہرون مین پہونچا۔ بمبئی کے اموات کی تعداد تو تحقیقاً معلوم نہین ہوئی کیونکہ اکثر لوگ قوانین کی تعمیل کے خوف سے موت کی خبر چھپاتے رہے مگر سرکاری طور سے جو کچھ معلوم ہوا یہ ہے۔ چنانچہ بمبئی گزٹ مطبوعہ سنہ ۱۸۹۸ء مین مرقوم ہے کہ

بمبئی پریسیڈنسی مین یکم ستمبر سے ۷ دسمبر تک یعنے عرصہ دو سال مین کل ایک لاکھ پچپن ہزار چوپن اموات ہوئین اور ابتک بتعداد قلیل ہو رہی ہین - اور اسی طرح پنجاب مین اضلاع جالندھر و ہوشیارپور اور کلکتہ وغیرہ مین بھی اس مرض کا گذر ہوا ہے - مگر اموات کی تعداد زیادہ نہوئی - پھر قدیم بنگلور مین ابتدائے طاعون سے ۷ دسمبر ۱۸۹۸ء تک جملہ دو ہزار تین سو چورانوے موتین ہوئین - اور لشکرگاہ مین ۷ دسمبر ۱۸۹۸ء تک ایکہزار سات سو ستر اموات ہوئین - ان دونون مقام مین تاحال کم و بیش سلسلہ جاری ہے - پھر ۱۳۱۸ھ سے ۱۳۱۹ھ سے ۱۳۲۰ھ متواتر تین سال وانم باڑی مین طاعون وارد ہوا جس مین تخمیناً سات ہزار آدمی فوت ہوئے اور اوس کے بعد مدراس اور اوس کے اکثر اضلاع و قصبات و دیہات مین بھی طاعون ہوا -

حیدرآباد کا طاعون | بزمانۂ پادشاہ آصفجاہ فتح جنگ میر محبوب علیخان مرحوم ۱۳۳۰ھ مین بلدہ مین اس کا ورود ہوا کہتے ہین کہ روزانہ کم و بیش ۳۰۰ اموات ہوتی تھین اور ایسا ہی تاریخی کتب وغیرہ سے بہت سے طاعون کا پتہ چلتا ہے - جسکی تفصیل کیلئے ایک دفتر چاہئے - انشاء اللہ تعالے اسکی مفصل فہرست ہم آیندہ کسی اشاعت مین ناظرین کے پیش کرین گے -

مذکورہ واقعات طاعون سے ظاہر ہے کہ یہ مرض زمانہ قدیم سے عالمگیر رہا ہے - اور کوئی تدبیر یا علاج اسکے لئے کماحقہ تشفی بخش قرار نہین دیا گیا - البتہ ٹیکہ لینا علی العموم طاعون کیلئے مفید سمجھا جاتا ہے - لیکن یہ غلط فہمی ہے اس لئے کہ اول تو اس کے باب مین خود ڈاکٹر صاحبان مختلف الرائے ہین بعض اسکی خوبیان تبلاتے ہین بعض اسکو غیر مفید ثابت کرتے ہین - چنانچہ اخبار محمدن مطبوعہ ۲۲ دسمبر ۱۸۹۸ء کے صفحہ ۵ مین مرقوم ہے - جب بنگلور مین پلیگ کمیشن ٹیکہ کی تحقیق اور نئے معلومات کی تدقیق کیلئے منعقد ہوئی اوسوقت کرنل ڈابن پریسیڈنسی سرجن نے بیان کیا کہ یہ جو مشہور ہے کہ ٹیکا نکالے ہوئے لوگون کو یہ بیماری کم لاحق ہوتی ہے - صحیح نہین - مین بچشم خود ایسے بیمارون کو دیکھکر تحقیقاً کہتا ہون کہ اس ٹیکہ سے کچھ بھی فائدہ نہین چنانچہ ٹیکہ نکالکر ۴۸ گھنٹہ کے عرصہ مین مرے ہوے ۱۴ مردون کا مین خود امتحان کیا تو ہر ایک مردہ مین پلیگ کا مواد بھرا ہوا تھا انتہی اور اخبار طلسم حیرت مدراس پنج مطبوعہ ۵ جنوری ۱۸۹۹ء مین مسطور ہے کہ ڈاکٹر ہیفکن صاحب نے پلیگ کمشنر صاحب کے روبرو صاف کہدیا کہ ٹیکہ مریضان طاعون کو کوئی فائدہ نہین ظاہر ہوتا ہے - اور اخبار جریدہ روزگار مدراس سے بھی ظاہر ہوتا ہے کہ ڈاکٹر لاری صاحب بھی ٹیکہ کے مخالف ہین - اور زبدۃ الحکما حکیم و ڈاکٹر غلام نبی صاحب لاہوری کے رسالہ مین جناب فتح چند صاحب - یم - ڈی - بی - یس - یل - یس یل - آر - سی - پی - یل

یس۔آئی۔یل۔یم۔یس۔سول سرجن لودہیانوی کی جو تحریر منقول ہے اوس سے بھی صاف ظاہر ہوتا ہے کہ ٹیکہ سے بالکل فائدہ نہین ہے اس کی اصل عبارت کتاب الدواء والدعا مین موجود ہے جسکی خواہش ہو اوسمین ملاحظہ کرین اور اسی طرح حیدرآباد کے موجودہ ڈاکٹر بھی ٹیکۂ طاعون کی نسبت مختلف ہین جسکا جی چاہے دریافت اور تحقیق کرے۔ دوم یہ کہ اگر ٹیکہ فائدہ مند ہوتا تو تمام ڈاکٹرون کا اوسپر اتفاق کیون نہوتا۔ سوم یہ کہ مشاہدہ ثابت کر رہا ہے کہ بہت سے ٹیکہ لئے ہوئے مبتلائے طاعون ہوکر مرے اور ٹیکہ نہ لئے ہوئے متعدد طاعونون مین رہکر بھی بچے رہے۔ خود راقم مسکین اور اس کے گھربار کے لوگ ابتک ٹیکہ لینے سے محترز رہے اور اپنے وطن وغیرہ کے چار طاعون اوپر گزر چکے اور یہ حیدرآباد کا پانچوان طاعون ہے جو گزر رہا ہے مگر ابتک ہم بفضلہ تعالے طاعون سے محفوظ ہین اسی طرح کی صدہا نظیرین مل سکتی ہین۔

اسی واسطے ہماری دانشمند سرکار عظمتدار و نیز سرکار عالی متعالی اسکی نسبت لوگون کو زیادہ مجبور نہین کرتی ہے بلکہ ہر ایک کے اختیار پر چھوڑ رکھا ہے۔ الحاصل مسلمانون کو یقینی طور سے عقیدہ رکھنا چاہیے کہ جب بندون سے حق تعالی کی نافرمانی اور ظلم و ستم ہوتا ہے تو وہ بندون پر اپنا قہر ظاہر فرماتا ہے۔ طاعون کا آنا بھی بندون کے گناہون کے سبب سے ہے جیساکہ ابن ماجہ کی حدیث مین ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ لم یظہر الفاحشۃ فی قوم قط حتی یعلنوا بہا الا فشا فیہم الطاعون یعنے کسی قوم مین بدکاری علانیہ نہین ظاہر ہوتی مگر اوس قوم مین طاعون پھیلتا ہے اور فتح الباری مین ہے۔ فی ہذہ الاحادیث ان الطاعون قد یقع عقوبۃ بسبب المعصیۃ انتہی یعنے طاعون گناہون کے سبب سے بھی آتا ہے اھ مگر اللہ تعالی نے اپنی عنایات بے غایات سے امت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے طاعون کو آخرت کی خوبیون کا سبب گردانا ہے۔ جو مسلمان طاعون مین مرے یا طاعون کے ایام مین وہان سے فرار نکرے اور یہ عقیدہ یقینی طور سے رکھے کہ جو کچھ تقدیر الٰہی مین ہے وہی ہوگا تو ایسون کے لئے شہادت کا ثواب ملتا ہے اس بات پر تمام محدثین و فقہا کا اتفاق ہے۔ صحیحین اور مسند احمد مین ہے۔ الطاعون شہادۃ لکل مسلم۔ یعنے طاعون ہر مسلمان کیلئے شہادت ہے۔ اور کنز العمال مین ہے۔ الطاعون شہادۃ لامتی ورحمۃ لہم ورجس علی الکافرین رحم، یعنے طاعون میری امت کے لئے شہادت اور رحمت ہے۔ اور کافرون پر عذاب۔ پس احادیث مذکورہ سے ثابت ہوا کہ طاعون کبھی ہماری شامت اعمال سے آتا ہے ؎ دیدۂ عبرت کشا قدرت حق را ببین ؛ شامت اعمال ما صورت طاعون گرفت۔ لیکن آنے کے بعد دو قسم ہو جاتا ہے۔ مسلمانون کے لئے رحمت

شہادت اور کافرون کے لئے عذاب مثلاً دو آدمیون مین جھگڑا ہوا اور ایک نے دوسرے پر ظلم و تعدی کیا پس پولس نے آکر ہر دو کو گرفتار کر لی۔ اب غور کرنا چاہئے کہ پولس کے آنیکا سبب تو برا ہے یعنے جھگڑا۔ اور گرفتار ہوئے دونون یعنے ظالم و مظلوم۔ مگر بعد تحقیق و دریافت ظالم کو سزا ملیگی اور دوسرے پر رحم کیا جائے گا۔ پس علی ہذا القیاس طاعون کے آنیکا سبب برا یعنے گناہ ہے۔ مگر آنے کے بعد مومن کے لئے رحمت اور کافر کے لئے عذاب ہو جاتا ہے۔ اللہ تعالی کی رحمت اور فضل کے قربان جائین کہ طاعون کو گناہون کی وجہ سے قہر کی صورت مین بھیجتا ہے اور مسلمان کے لئے رحمت و شہادت بنا دیتا ہے۔ اور اسی کنز العمال مین ہے۔ الطاعون کان عذابا یبعثہ اللہ علی من یشاء وان اللہ جعلہ رحمۃ للمومنین فلیس من احد یقع الطاعون فیمکث فی بلدہ صابرا محتسبا یعلم انہ لا یصیبہ الا ما کتب اللہ لہ الا کان لہ مثل اجر شہید (حم خ) یعنے طاعون ایک عذاب ہے کہ اوسکو اللہ تعالی جسپر چاہتا ہے بھیجتا ہے اور تحقیق اللہ تعالی نے مومنون کے لئے اوسکو رحمت بنا دیا ہے۔ پس جو شخص طاعون کے مقام مین صبر کرے اور یہ جانے کہ جو کچھ اللہ تعالی نے میرے لئے لکھا ہے وہی مجھکو پہونچیگا تو اس کے لئے شہید کا ثواب ملیگا اگرچہ وہ طاعون مین نہ مرے بلکہ کسی سال کے بعد دوسری کسی بیماری مین مرے۔ کما قال المحدثون

علامہ ابن حجر مکی رح نے فتاوی کبری صفحہ ۲۵ جلد رابع مین لکھا ہے کہ الطاعون شہادۃ لکل مسلم سے ثابت ہوتا ہے کہ فاسق کیلئے بھی طاعون شہادت ہے جسطرح جنگ مین فاسق و فاجر کے لئے شہادت نصیب ہوتی ہے اسی طرح طاعون مین بھی فاسق و فاجر کو شہادت ملتی ہے المطعون شہید وان کان فاسقا ہو صریح حدیث الصحیحین الطاعون شہادۃ لکل مسلم و یؤیدہ ان شہید المعرکۃ لا یقدح فسقہ فی الشہادۃ اھ اور بھی کنز العمال مین ہے۔ یختصم الشہداء والمتوفون علی فرشہم الی ربنا فی الذین یتوفون من الطاعون فیقول الشہداء اخواننا قتلوا کما قتلنا ویقول المتوفون علی فرشہم اخواننا ماتوا علی فرشہم کما متنا فیقضی اللہ بینہم فیقول ربنا انظروا الی جراحہم فان اشبہ جراحہم جراح المقتولین منہم فینظروا الی جراح المطعونین فاذا جراحہم قد اشبہت جراح الشہداء فیلحقون بہم (حم ق ن) یعنے قیامت کے روز شہداء فی سبیل اللہ اور وہ لوگ جو بستروں پر وفات پائے ہوئے تھے طاعون سے مرے ہوؤن کے بارے مین حق تعالی سے جھگڑینگے پس شہدا کہینگے کہ طاعون سے وفات پائے ہوے لوگ ہمارے بھائی ہین کیونکہ جیسا ہم قتل ہوئے ویسا وہ بھی قتل ہوئے ہین اور بستروں پر مرے ہوے کہینگے کہ وہ ہمارے بھائی ہین جیسا ہم فرش پر مرے اسی طرح یہ بھی فرش پر مرے ہین۔ پس اللہ پاک انکے درمیان فیصلہ فرمائیگا پس حکم دیگا کہ انکے یعنے طاعون سے مرے ہوؤن کے زخمون

زخمون کو دیکھو، پس اگر ان کے زخم شہیدون کے زخمون سے مشابہ ہون تو انہین کے ساتھ ملادو پس طاعونی اموات کے زخمون کو دیکھینگے تو شہیدون کے زخمون کے مشابہ پائینگے۔ پس وہ شہیدون کے ساتھ ملادئے جائینگے۔ اسکو امام احمد و امام بخاری و امام مسلم و نسائی نے روایت کیا ہے۔ اور فتاوی کبری مین ہے اعلم ان شہید الطاعون ملحق بشہید المعرکۃ ففی حدیث سندہ حسن یاتی الشہداء والمتوفون بالطاعون فیقول اصحاب الطاعون نحن شہداء فیقال انظروا فان کانت جراحاتہم کجراح الشہید ای تسیل دما ریحہم کریح المسک فہم شہداء فیجد وہم کذالک یعنے طاعونی شہید جنگ کے شہید کے ساتھ رہیگا جس طرح حدیث مین آیا ہے کہ قیامت مین طاعون سے مرے ہوے کہینگے کہ ہم شہدا ہین پس ان کی طرف نظر کیا جائے گا کہ ان کے زخمین کیسے ہین تو ان کے زخمون سے خون جاری رہے گا اور مشک کی بو آتی رہے گی سو وہ شہدا مین داخل کئے جائینگے۔

اور صحیح بخاری و صحیح مسلم کی حدیث ہے۔ قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الطاعون رجز ارسل علی طائفۃ من بنی اسرائیل فاذا سمعتم بہ بارض فلا تقدموا علیہ واذا وقع بارض وانتم بہا فلا تخرجوا فرارا منہ اھ یعنے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ طاعون ایک عذاب ہے جو بنی اسرائیل کی ایک جماعت پر بھیجا گیا تھا پس جب تم نے سنا کہ فلان زمین مین طاعون ہے تو وہان مت جاؤ اور جہان تم رہتے ہو وہان طاعون آجائے تو تم وہان سے طاعون سے بھاگنے کے ارادہ سے مت نکلو ابوالحسن مدائنی رحمۃ اللہ اپنے والد سے نقل فرماتے ہین کہ انہون نے کہا کہ قل ما فر احد من الطاعون فسلم اھ یعنے طاعون سے بھاگنے والا کم بچتا ہے۔ تاج الدین سبکی رح فرماتے ہین والذی حکاہ مجرب ولیس ببعید ان یجعل اللہ الفرار منہ سببا لقصر العمر اھ یعنے یہ بات آزمائی ہوئی ہے اور کچھ تعجب نہین کہ اللہ تعالے طاعون سے بھاگنے کے سبب سے عمر کو کم کردے۔ اللہ تعالی فرماتا ہے قل لن ینفعکم الفرار ان فررتم من الموت او القتل واذا لا تمتعون الا قلیلا یعنے کہدو اے نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم کہ ہرگز نفع نہ دیگا تمکو بھاگنا اگر تم موت یا قتل سے بھاگو اور اب دیئے باوجود بتادینے کہ بھاگنا مفید نہین ہے۔ پھر بھی تم بھاگو تو تم فائدہ نہ اوٹھاؤگے مگر تھوڑی مدت۔ امام تاج الدین سبکی رحمۃ اللہ علیہ کے والد جو بڑے محدث مشہور گذرے ہین اسی آیت سے استنباط فرماتے ہین کہ طاعون سے بھاگنے والا زیادہ مدت زندگی کے فوائد حاصل نہین کرتا بلکہ اوسکی عمر کم ہوجاتی ہے۔ کذا فی مجالس ابرار۔ بلکہ اس بات کا پتہ قرآن مجید کے اس قصے سے بصراحت معلوم ہوتا ہے کہ شہر واسط کے جانب قریہ داوردان

مین جب طاعون آیا تو ایک جماعت اوس قریہ سے نکلگئی اور ایک جماعت جو وہین رہی اون مین سے
بہت کچھ ہلاک ہوئے اور جو جنگل مین نکل گئے تھے وہ سلامت رہے اور جب طاعون رفع ہوگیا تو
لوگ بڑی خوشی کے ساتھ اپنی بستی کو واپس ہوئے۔ جب قریہ والون نے اونکو سلامت واپس آتے
دیکھا تو کہنے لگے اصحابنا کانوا احزم منا لو صنعنا کما صنعوا البقینا ولئن وقع الطاعون ثانیا لنخرجن الی ارض
لا وباء بہا یعنے ہمارے اصحاب (جو بھاگ گئے تھے) ہم سے بڑے ہوشیار تھے۔ کاش کے ہم بھی
انھین کی چال اختیار کرتے یعنے اونکے جیسا بستی سے نکل جاتے تو ہمارے بھی لوگ بچے رہتے اور اتنے
لوگ نہ مرتے اور اگر کبھی دوبارہ طاعون آجائے تو ہم بھی کسی پاک وصاف زمین کی طرف نکلجائینگے
جس مین طاعون نہو فوقع الطاعون من قابل فھرب عامۃ اھلہا وخرجوا یعنے پھر جب دوسرے سال طاعون
آیا تو بستی کے تمام لوگ نکل گئے۔ چنانچہ حق تعالی اسبات کی خبر باین طور دیتا ہے۔ الم تر الی الذین خرجوا
من دیارھم وھم الوف حذر الموت یعنے کیا نہ دیکھا تونے طرف اون لوگون کے۔ یعنے اون لوگون کا
انجام کار کیا تو نے نہ سنا جو اپنے گھرون سے موت کے ڈر سے نکلے تھے۔ اور وہ ہزارون سے تھے۔
روایت کا اختلاف ہے کہ وہ چار ہزار یا آٹھ یا دس یا تیس یا چالیس یا ستر ہزار آدمی تھے۔ جب یہ
سب اپنے حسب خواہش ایک وادی مین اترے تو حکم رب العالمین سے ایک فرشتہ نے وادی کے
نیچے والے حصہ مین اور دوسرے نے اوپر کے حصہ مین آواز بلند پکارا۔ موتوا یعنے تم سب مرجاؤ فماتوا
جمیعًا پس تمام کے تمام ایکدم مرگئے ثم احیاھم پھر اللہ پاک نے انکو زندہ کیا۔
اس زمانہ کے ایک پیغمبر حزقیل علیہ السلام نامی ان اموات پر گزرے تو دیکھکر روئے اور جناب
باری عز اسمہ مین اون کے زندہ ہونے کی دعا مانگے۔ پس حق تعالی نے اونکو دوبارہ زندہ کیا اور
وہ سب اپنے مکانون کو واپس آکر ایک زمانہ تک زندہ رہے۔ اور پھر اپنی اپنی موت سے مرے
یہ موت دیکر پھر زندہ کرنا اسلئے تھا کہ لیعتبروا ان لا مفر من قضاء اللہ وقدرہ۔ تاکہ اونکو عبرت اور
یقینی حاصل ہو کہ اللہ تعالی کے قضا و قدر سے بھاگنے کی گنجایش نہین ہے اور یہ عبرتناک قصہ
اللہ تعالی نے مسلمانون کو اسلئے سنایا کہ اون کو جہاد فی سبیل اللہ اور شہادت کے حاصل کرنے کی رغبت
پیدا ہو اور توکل اور راضی بقضائے الہی رہنے کا سبق حاصل کرین۔ وفائدۃ ھذا القصۃ تشجیع
المسلمین علی الجہاد والتعرض للشہادۃ وحثھم علی التوکل والاستسلام للقضاء اھ تفصیل اس قصہ کی تفسیر سراج
منیر للخطیب شربینی وتفسیر احمدی وغیرہا مین مذکور ہے۔
الغرض اس قصہ سے صاف ظاہر ہے کہ طاعون سے بھاگے ہوئے لوگ کی عمر گھٹ گئی۔
اور حق تعالی نے اون کو اونکی موت سے پہلے سزا مین مار دیا تا کہ اون کو معلوم ہوجاے کہ موت سے

فرار کرنا کچھ نفع نہین دیتا ہے اور تجربہ سے بھی یہ بات ثابت ہوئی ہے کہ جو لوگ طاعون سے بھاگے ہین وہ بہت تکالیف کے ساتھ رستے مین کوئی راستہ مین کوئی جنگل مین اور کسی کو کفن تک میسر نہوا کسی کا جنازہ پڑھنے والے نملے اور جو میدانون مین جا ٹھہرے وہ بارش اور ہوا اور جاڑے کے صدمے اٹھانے اور بعض لوگ جو بیل وغیرہ کی گاڑی مین طاعون سے امن حاصل کرنیکو بڑے اہتمام کے ساتھ مع اپنے اہل و عیال کے بیٹھکر فرار کرہے تھے ناگاہ کسی وجہ خفیف سے انکی غفلت کی حالت مین گاڑی کو آگ لگ گئی مذکور لوگون کو آگ سے سخت صدمہ پہونچا اور راہ کی شامت سے گاڑی والے بیچارے کا بھی نقصان ہوا باوجود ایسے تکالیف و نقصان پانے کے بھاگنے سے باز نہین آتے اور اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرکے اسکے غضب کو ٹھنڈا اور اسکو راضی کرنیکے کام اختیار نہین کرتے حق تعالیٰ فرماتا ہے ففروا الی اللہ یعنے اے بندو تم سختیون مین اللہ کی طرف بھاگو کہ وہی تمہارے کام بنانے والا ہے۔ آپ کے مسلمان اسکے عوض خدا سے دور بھاگتے ہین پس انکی سمجھ اور کوتاہ نظری پر ہزار حیف ہے۔

اور بعضے جو درختون کے نیچے حتی المقدور پردے وغیرہ کرکے امن لئے وہان مذکور صدمات کے علاوہ دوسری یہ آفت پیش آئی کہ شب کو جو سو رہے تو کوئی زہریلا سانپ آکر سب کا صفا کر گیا افسوس کہ اون کی جان بھی گئی اور مال بھی تباہ ہوا اور دین بھی غارت گیا خسر الدنیا والاخرۃ ذالک ہو الخسران المبین کے مصداق ہوئے اور دوسری آیت مین ارشاد ہوتا ہے فانزلنا علی الذین ظلموا رجزا من السماء بما کانوا یفسقون یعنے ہم نے اون لوگون پر جو ظلم کئے تھے ایک عذاب آسمان سے اون کے فسق و فجور کے سبب سے نازل کیا تفسیر بیضاوی مین ہے کہ وہ عذاب طاعون تھا ایک ہی ساعت مین چوبیس ہزار آدمی ہلاک ہوئے والمراد بہ الطاعون روی انہ مات بہ فی ساعۃ اربعۃ وعشرون الفا اھ ان آیات و احادیث سے چند باتین ثابت ہوئین۔ (۱) طاعون آسمانی عذاب ہے اور اسکا روانہ کرنے والا خدا تعالیٰ ہے (۲) طاعون بندون کے گناہون کے سبب سے آتا ہے یہی وہ عقیدے مسلمانون کو ایام طاعون مین خدا کی طرف متوجہ کرلینے والے اور توبہ و استغفار مین لگانے والے ہین (۳) طاعون مسلمانون کے لئے خدا کی رحمت اور شہادت ہے جو مسلمان اس عقیدہ پر طاعون سے مرے یا طاعونی مقام مین صابر رہے وہ جنت کے درجون اور لذتون سے مالامال ہوگا جس مسلمان کا یہ اعتقاد ہو اسکا طاعون مین مرنا اپنے گناہون سے عذاب جہنم مین گرفتار ہونا ہے (۴) طاعون کے مقام مین تقدیر الٰہی پر راضی رہنا اور خیال کرنا کہ جو میری تقدیر مین خدا نے لکھا ہے وہی مجھکو ہوگا یہہ روئے زمین کے تمام ڈاکٹرون کے سردار نبی مختار صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیم ہے کہ اس مین شہادت کا مرتبہ ملتا ہے اسکو بے عقلی یا بے پیری کہنا

اسلام سے ہاتھ دھونا ہے - امام جلال الدین سیوطی رحمہ اللہ تعالی شرح صدور مین لکھتے ہین - وقد جزم شیخ الاسلام

ابن حجر فی کتابہ بذل الماعون فی فضل الطاعون بان المیت من الطاعون لایسئل لانہ نظیر المقتول فی المعرکۃ اھ

یعنے ابن حجر جو جلیل القدر محدث حافظ ہین اور محدثین کے پاس حافظ وہی ہے جسکو ایک لاکھ حدیث زبانی یاد ہون اور وہ بخاری شریف کے شارح بھی ہین ایک رسالہ طاعون کی فضیلت مین تصنیف کئے ہین اس رسالہ مین وہ جزماً و یقیناً فرماتے ہین کہ طاعون سے مرنے والیکو قبر مین سوال نہوگا - اور رد المحتار باب الشہید مین ہے

والمطعون وکذا من مات فی زمن الطاعون بغیرہ اذا اقام فی بلدہ صابراً محتسباً فان لہ اجر الشہید کما فی حدیث البخاری وذکر الحافظ ابن حجر انہ لایسئل فی قبرہ اجہوری اھ

پس اسے مسلمان بہائیو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیثون پر اعتقاد رکھو اور طاعون کو شہادت سمجھو اور دوسرون کو بھی سمجھاؤ خصوصاً اپنے اہل وعیال کو خدا اور رسول کی باتین سنا کر اون کے ایمان کو قوی کرنے کی کوشش کرو ایسا نہو کہ تم اونکی باتون کو مان جاکر اون کی اطاعت کرنے لگو پس تم اور وہ سب کے سب خدا کے نافرمان ہوجاؤ اور ناحق دنیائے ناپائیدار کی محبت مین آخرت کو برباد کرلو - اگر کسی کو یہ شبہ پیدا ہو کہ جب ملک شام مین طاعون آیا تو حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ یہ طاعون عذاب ہے پس بہاگ جاؤ وادیون اور درون مین پس قول صحابی سے معلوم ہوا کہ طاعون عذاب ہے اور اس سے فرار جایز ہے - پس اے میرے معزز ناظرین کسی کے ایسے شبہ سے دہوکہ نہ کہا جاؤ دیکھو جس روایت سے یہ شبہ نکالتے ہین اسی روایت کو مین یہان نقل کرتا ہون خود نظر انصاف سے دیکھو اور غور کرو کہ اسی مین اس شبہ کا جواب کیسا معقول موجود ہے وہ روایت یہ ہے

عن عبد الرحمن بن غنم قال وقع الطاعون بالشام فقال عمرو بن العاص ان ہذا الطاعون رجز ففروا منہ فی الاودیۃ والشعاب فبلغ ذالک شرحبیل بن حسنۃ فغضب قال کذب عمرو بن العاص لقد صحبت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وعمرو اضل من جمل اہلہ ان ہذا الطاعون دعوۃ نبیکم ورحمۃ ربکم ووفاۃ الصالحین قبلکم فبلغ ذالک معاذا فقال اللہم اجعل نصیب آل معاذ الاوفر فماتت ابنتاہ وطعن عبد الرحمن فقال الحق من ربک فلا تکونن من الممترین فقال ستجدنی ان شاء اللہ من الصابرین وطعن معاذ فی ظہر کفہ فجعل یقول ہی احب الی من حمر النعم انتہی مختصراً کنز العمال ذکرہ

یعنے تاریخ ابن عساکر مین عبد الرحمن بن غنم سے مروی ہے کہ انہون نے فرمایا کہ شام کے ملک مین طاعون آیا تو عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ نے کہا کہ یہ طاعون عذاب ہے پس اس سے بہاگ جاؤ وادیون اور پہاڑون کے درون مین پس یہ شرحبیل بن حسنہ کو پہونچی تو غصہ مین آگئے اور فرمایا کہ عمرو بن عاص نے جھوٹ کہا مین تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت

مین رہا ہون اور اسوقت عمرو بن عاص اپنے گھر کے اونٹ سے بھی زیادہ گمراہ تھا دیعنے اسلام سے مشرف ہونے کے آگے م مقرریہ طاعون تمہارے نبی کی دعا اور تمہارے رب کی رحمت ہے۔ اور تم سے اگلے صالحین کی موت ہے۔ پس یہ خبر جب معاذ رضی اللہ عنہ کو پہونچی تو فرمایا اے اللہ تعالیٰ معاذ کے ال کو اس کا پورا حصہ نصیب کر پس اونکی دو بیٹیان طاعون سے مرین اور اون کے فرزند عبد الرحمن بھی طاعون سے بیمار ہوئے تو کہا کہ حق تیرے رب کے طرف سے ہے تو ہرگز شک کرنے والون سے ہو جا پس باپ نے کہا انشاء اللہ تعالیٰ تو مجھے صابرین سے پائیگا اور معاذ رضی اللہ عنہ کے پشت کف دست پر طاعون نمودار ہوا تو فرمایا کہ یہ مجھے سرخ اونٹون کی دولت سے بھی زیادہ پسند ہے اور یہہ روایت مسند امام احمدؒ مین بھی کچھہ اختلاف الفاظ کے ساتھ موجود ہے اور بعض روایات مین یہ بھی ہے کہ جسوقت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ نے لوگون کو طاعون سے فرار کرنیکا حکم دیا تو شرحبیل بن حسنہ رضی اللہ عنہ نے لوگون کو طاعون کی فضیلت حدیث نبوی علیہ السلام سے سنا کر اون کے خلاف مین حکم دیا کہ فاجتمعوا الیہ ولا تفرقوا عنہ فبلغ ذالک عمرو بن العاص قال صدق اھ یعنے پس جمع ہو جاؤ اور اس سے الگ مت ہو جب شرحبیل بن حسنہ کا یہ قول عمرو بن عاص کو پہونچا تو کہا شرحبیل کا یہ قول سچ ہے۔ ناظرین غور فرمائین کہ جب عمرو بن عاص نے لوگون کو طاعون سے بھاگنے کا حکم دیا تو شرحبیل بن حسنہ رضی نے کس زور و شور کے ساتھ اون کے قول کو رد کر دیا اور صرف اسی قدر پر اکتفا بھی نکیا بلکہ اوسکے خلاف مین علانیہ حکم سنا دیا کہ جمع ہو جاؤ اور مت بھاگو حضرت عمرو بن عاصؓ نے حضرت شرحبیل سے یہ تقریر اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث سنتے ہی فی الفور سر تسلیم آگے رکھدیا اور اپنے اگلے خیال سے باز آکر بیساختہ کہنے لگے کہ شرحبیل نے سچ کہا (با اینہمہ حضرت عمرو بن عاص کے قول کو (جس سے وہ خود باز آگئے) طاعون سے بھاگنے کے جواز کی دلیل ٹھہرانا اور اون کے رجوع اور جماہیر صحابۂ کرام کے اقوال سے آنکھہ بند کر لینا سراسر ظلم اور حق پوشی ہے اور اسی کتاب مین ہے

عن معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول ستہاجرون الی الشام فیفتح لکم ویکون فیہ داء کالدمل او کالحرۃ یاخذ بمراق الرجل یستشہد اللہ بہ انفسہم ویزکی بہا اعمالہم اللہم ان کنت تعلم ان معاذ اسمعہ من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فاعطہ واہل بیتہ الحظ الاوفر منہ فاصابہم الطاعون فلم یبق منہم احد فطعن فی اصبعہ السبابۃ فکان یقول ما یسرنی ان لی بہا حمر النعم اھ یعنے معاذ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ مین نے رسول اللہ صلی اللہ وسلم سے سنا کہ فرماتے تھے کہ تم قریب مین شام کے طرف ہجرت کروگے پس تمہارے لیئے شام کی فتح ہوگی اور وہان ایک بیماری ہے دُمل کی طرح کہ بغلون کے

پاس نکلیگی اس کے سبب سے اللہ تعالی تمکو شہید بنائے گا اور تمہارے اعمال کو اس سے پاک کرے گا اس کے بعد معاذ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اے اللہ اگر تو جانتا ہے کہ معاذ نے اس حدیث کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے تو معاذ کو اور اسکے اہل بیت کو اسمین موت دے۔ پس معاذ رضی اللہ عنہ کے تمام گھر والون کو طاعون پہونچا اور اون سے کوئی باقی نہ رہا پھر معاذ رضی اللہ عنہ کی انگشت شہادت پر طاعون گرا تو معاذ فرماتے تھے کہ مجھکو اس طاعون سے اس قدر خوشی حاصل ہے کہ اگر اس کے عوض مجھکو سرخ اونٹ ملتے تو اتنی خوشی حاصل نہ ہوتی حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی قدس سرہ العزیز کی خدمت مین شیخ بدیع الدین سہارنپوری نے جو عریضہ متضمن باخبار طاعون بھیجا تھا اوس کے جواب مین حضرت تحریر فرماتے ہین۔ والحق جماعتی کہ درین وبا میمیرند عجب حاضر و متوجہ میروند ہوس می آید کہ کسی درین ایام باین جماعت ارباب بلا ملحق شود و رخت از دنیا باخرت بکشد این بلا درین امت بظاہر غضب است و بباطن رحمت اھ حضرت عایشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے الطاعون شہادۃ لامتی و وخز اعدائکم من الجن غدۃ کغدۃ الابل تخرج فی الآباط والمراق من مات فیہ مات شہیدا ومن اقام فیہ کان کالمرابط فی سبیل اللہ ومن فر منہ کان کالفار من الزحف دطس، وابونعیم فی فوائد ابی بکر بن خلاد عن عائشہ کنز العمال یعنے طاعون شہادت ہے میرے امت کے لئے اور تمہاری دشمن جنات کی نیزہ زنی ہے اور اونٹ کی گلٹی کی جیسی ہے کہ بغلون وغیرہ مین نکلتی ہے جو اوسمین مرا شہید مرا اور جو اوس مین مقیم رہا وہ فی سبیل اللہ مرابط کے جیسا ہے اور جو اس سے بھاگا وہ کافرون کے جنگ سے بھاگنے والے کے جیسا ہے اور طبرانی اور بزار اور احمد اور ابویعلی کی روایت مین ہے۔ الفار من الطاعون کالفار من الزحف یعنے طاعون سے بھاگنے والا جنگ سے بھاگنے والے کے مانند ہے اور از روے آیات قطعیہ واحادیث صحیحہ نبویہ جنگ سے بھاگنا قطعی حرام اور اکبر الکبائر اور مہلک گناہ ہے اور اس کا مرتکب غضب خدا و عذاب جہنم کا مستحق ہے ترتیب قضایا سے نتیجہ یہ نکلا کہ طاعون سے بھاگنا حرام اور گناہ کبیرہ اور مہلک گناہ ہے اور اس کا مرتکب خدا کے غضب و عذاب جہنم کا سزاوار ہے چنانچہ ابن خزیمہ نے اپنی صحیح مین اسکی تصریح بھی کر دی ہے۔ انہ من الکبائر یعاقب اللہ علیہ اھ ہان اگر ارحم الرحمین اپنے فضل سے بخشدے تو وہ اور بات ہے۔ اہل انصاف و ارباب بصیرت خیال فرمائین کہ اگر طاعون سے بھاگنا جائز ہوتا تو شارع علیہ السلام اس کو اکبر الکبائر سے ہرگز تشبیہ نہ دیتے اور الفار من الطاعون کالفار من الزحف۔ ہرگز نفرماتے آپ کے اس تشبیہ دینے اور اس طرح فرمانے سے ثابت ہوچکا کہ یہ منع تنزیہی نہین بلکہ تحریمی ہے صحابہ کرام

دائمۂ عظام وعلمائے اعلام نے بھی اس منع کو منع تحریمی ہی سمجھا ہے جس کا یہ اعتقاد نہو کہ طاعون مین مبتلا ہونا اور اس سے بچا رہنا طاعونی مقام مین رہنے اور نکلجانے سے نہین بلکہ خدا تعالے کے تقدیر سے ہے تو ایسے شخص کو طاعون سے بھاگنا حرام ہے اسپر جمہور علما کا اتفاق ہے اور اگر وہ فرار یا اور تدابیر کو موثر حقیقی سمجھے جیسے دہریون کا مذہب ہے تو اسکے کفر مین کوئی شک نہین چنانچہ امام جلال الدین سیوطیؒ حافظ ابن عبد البرؒ قاضی عیاضؒ امام نوویؒ حافظ ابن حجر عسقلانیؒ ابن حجر مکیؒ حضرت مجدد الف ثانیؒ شیخ عبد الحق محدث دہلویؒ وغیرہم فرماتے ہین کہ جمہور کا یہ قول کہ طاعون سے بھاگنا حرام ہے یہی صحیح ہے اب چند عبارات مرقوم الذیل ہوتی ہین جن سے اس امر کا ثبوت کماحقہ ہو سکتا ہے اور کسی قسم کا شک باقی نہین رہتا ابن حجر مکیؒ فتاوی کبری مین لکھتے ہین۔ محل الخلاف فی الخروج لاجل الفرار فمذہبنا ومذھب الجمہور الحرمۃ ومذہب مالک الکراہیۃ نعم ان اقترن بقصد الفرار قصد ان لہ قدرۃ علی التخلص من قضاء اللہ وان فعلہ ھو المنجی لہ فواضح ان ذالک حرام بل کفر اتفاقا بخلاف قصد الفرار فقط فانہ محل الخلاف فقد مر عن عمر رضی اللہ عنہ انہ قال نعم نفر من قدر اللہ الی قدر اللہ ولیس فی کلامہ تائید للمالکیۃ لانہ لم یفر من محل الطاعون ثم نقل محل النزاع فیما اذا خرج فارا من المرض الواقع مع اعتقادہ انہ لو قدرہ علیہ لاصابہ وان فرارہ لاینجیہ لکن یخرج مؤملا ان ینجو ہذا الذی ینبغی ان یکون محل النزاع اھ وھو کلام حسن انتہی۔ ترجمہ۔ طاعون سے بھاگنے مین محل اختلاف یہ ہے پس ہمارا اور جمہور علما، کا مذہب یہ ہے کہ حرام ہے اور امام مالک کا مذہب یہ ہے کہ مکروہ ہے ہان اگر قصد فرار کے ساتھ یہ قصد بھی ہو کہ اسکو قضائے الہی سے بچنے کا اختیار ہے۔ اور یہ سمجھے کہ یہ اسکا بھاگنا اسکو طاعون سے بچانے والا ہے تو بس ظاہر ہے کہ یہ بالاتفاق حرام بلکہ کفر ہے بخلاف محض قصد فرار کے کہ وہ محل اختلاف ہے اور عمر رضی اللہ عنہ سے یہ قول منقول و مذکور ہو چکا ہے کہ آپنے ابو عبیدہ رضی اللہ عنہ کے اعتراض کے جواب مین فرمایا کہ ہان ہم تقدیر الہی سے تقدیر الہی کے طرف بھاگتے ہین اور اس قول مین مالکیہ کے لیے کچھہ تائید نہین ہے کیونکہ عمر رضی اللہ عنہ مقام طاعون سے نہین بھاگے تھے پھر محل نزاع کا اس بارے مین کہ وقوع طاعون سے اس اعتقاد کے ساتھ بھاگے کہ اگر اسکی تقدیر مین ہے تو اوسکو طاعون ضرور پہونچیگا اور اوسکا بھاگنا اوسکو نہ بچا یگا لیکن بچنے کی امید پر بھاگتا ہو یہ محل نزاع ہونیکے سزاوار ہے فتاوی کبری صفحہ ۹ جلد ۴ مین ہے قال الجلال السیوطی الوباء غیر الطاعون والطاعون اخص من الوباء وقد اختص من الطاعون بکونہ شہادۃ ورحمۃ وبتحریم الفرار منہ وھو من الوباء بغیرہ کالحمی ومن سائر اسباب الھلاک جائز بالاجماع اھ قول الجلال اھ ترجمہ جلال الدین سیوطی رحمہ اللہ تعالی فرماتے ہین کہ وباء طاعون کے سوا ہے اور طاعون وباء سے خاص ہے اور شہادت و رحمت کا ہونا اور اس سے بھاگنا حرام ہونا طاعون کیساتھ مخصوص

اور فرار از وبا جو بغیر طاعون کے ہو جیسے بخار اور ایسے ہی تمام اسباب ہلاک سے بالاجماع جایز ہے۔

فتح الباری جلد ۱۰ صفحہ ۱۹۰ میں ہے واختلف العلماء فی الخروج من بلد الذی وقع بہ الطاعون والقدوم علیہ و ظاہر کلام ابن عبد البر والقاضی عیاض لمالکیین ان النہی فی ذالک للتحریم ثم زاد والثانی ان اکثر العلماء علی ذلک وروی عن عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا وقالت ہو کالفرار من الزحف وعلی ذلک جری امام الائمۃ من اصحابنا ابن خزیمۃ فانہ ترجم فی صحیحہ باب الفرار من الطاعون من الکبائر وان اللہ سبحانہ وتعالی یعاقب من وقع منہ ذلک مالم یعف عنہ واستدل بحدیث عایشہ فی ذلک یعنی صلی اللہ علیہ وسلم الفرار من الطاعون کالفرار من الزحف رواہ الامام احمد والطبرانی وابن عدی وغیرہم ومن ثم قال التاج السبکی وتبعہ المحققون مذہبنا وہو الذی علیہ الاکثر ان النہی عن الفرار منہ للتحریم وکلام النووی فی شرح مسلم صریح فی تحریم القدوم علی بلد الطاعون کالفرار منہ فانہ قال فی ہذہ الاحادیث منع القدوم علی بلد الطاعون و منع الخروج منہ فرارا وہذا الذی ذکرنا ہو مذہبنا ومذہب الجمہور وقال القاضی ہو قول الاکثرین وقال ومنہم من جوز القدوم علیہ والخروج عنہ فرارا ای وہو المشہور من مذہب مالک ثم قال النووی والصحیح ماقدمناہ من النہی عن القدوم علیہ والفرار منہ لظاہر الاحادیث الصحیحۃ اھ۔ ترجمہ اور طاعون زدہ بستی سے نکلنے اور اس میں داخل ہونے میں علماء کا اختلاف ہے اور ابن عبد البر رحمہ اللہ تعالی اور قاضی عیاض رحمہ اللہ تعالے نے جو ہر دو مالکی مذہب کے زبردست محدث ہیں انکا ظاہر کلام یہ ہے کہ اس کے متعلق جو نہی وارد ہے وہ حرمت کے لئے ہے پھر قاضی عیاض رحمہ اللہ علیہ نے اسقدر زیادہ بھی فرمایا ہے کہ اکثر علما اسی حرمت کے قائل ہیں اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ وہ طاعون سے بھاگنے کو جنگ سے بھاگنے کے مانند فرماتے ہیں اور اسی پر گئے ہیں اماموں کے امام ہمارے اصحاب سے یعنے شوافع سے ابن خزیمہ کہ تحقیق انہوں نے اپنی کتاب صحیح میں اس مضمون کا باب باندہا ہے کہ یہ باب طاعون سے بھاگنا گناہ کبیرہ ہونیکے بیان میں ہے اور اس بیان میں بھی ہے کہ اللہ تعالے طاعون سے بھاگنے والیکو عذاب کرے گا ہاں اگر بخشدے تو اسکا اختیار ہے اور یہ اور بات ہے اور امام مذکور نے عائشہ رضی اللہ تعالے عنہا کی حدیث سے جو اس بارے میں ہے اور وہ دراصل رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے استدلال کیا ہے اور وہ ان یہ ہے کہ طاعون سے فرار کرنا جنگ سے فرار کرنے کے جیسا ہے اس حدیث کو امام احمد و طبرانی اور ابن عدی وغیرہ محدثین نے روایت کیا ہے اور اسی لئے تاج الدین سبکی رح نے فرمایا ہے اور دوسرے محققین بھی ان کے تابع ہوئے ہیں کہ ہمارا مذہب جس پر اکثر کا اتفاق ہے یہ ہے کہ طاعون سے بھاگنے

کی جو ممانعت آئی ہے اس سے حرام مراد ہے اور امام نووی رح کا قول شرح مسلم مین مقام طاعون مین جانے کی حرمت پر بصراحت دلالت کرتا ہے جیسا کہ اس سے بھاگنے کی حرمت پر دلالت کرتا ہی نووی رح فرماتے ہین کہ ان احادیث مین یہہ امر ثابت ہے کہ طاعون زدہ مقام پر پیشقدمی کرنا اور طاعونی مقام سے بھاگ کر نکلنا ہر دو منع ہے اور یہی ہمارا اور جمہور کا مذہب ہے - اور قاضی عیاض رح نے فرمایا کہ اکثر محدثین و محققین کا یہی قول ہے اور یہی فرمایا کہ بعضون نے طاعونی زمین پر جانے اور وہان سے نکلنے کو جایز جو کہا ہے وہ مشہور مالکیون کا مذہب ہے - پھر امام نووی رح فرماتے ہین کہ صحیح بات وہی ہے جو ہم آگے بیان کر چکے ہین کہ مقام طاعون مین جانا اور اس سے بھاگنا ہر دو منع ہے ظاہر احادیث صحیحہ کے رو سے - اور مولانا شیخ عبدالحق محدث دہلوی اشعۃ اللمعات صفحہ ۵۸ جلد ا مین تحریر فرماتے ہین - وگریختن از طاعون معصیت است در حکم فرار از زحف است واگر اعتقاد کند کہ اگر نگریزد البتہ بمیرد و اگر گریزد البتہ بسلامت میماند کافر گردد نعوذ باللہ من ذالک قال ایضا جلد ا صفحہ ۶۸۲ - ضابطہ درین وباہمین است کہ در انجاکہ ہست نباید رفت و از انجاکہ باشد نباید گریخت واگرچہ گریختن در بعض مواضع مثل خانہ کہ در وے زلزلہ شدہ یا آتش گرفتہ یا نشستن زیر دیوار خم شدہ نزد غلبۂ ظن بہ ہلاک آمدہ است اما در باب طاعون جز صبر نیامدہ و گریختن تجویز نیافتہ وقیاس این بران فاسد است کہ آنہا از قبیل اسباب عادیہ اند واین از اسباب وہمی وبرہر تقدیر گریختن از انجا جایز نیست وہیچ جا وارد نشدہ وہر کہ بگریزد عاصی ومرتکب کبیرہ ومردود است نسال اللہ العافیۃ اھ - ترجمہ اور طاعون سے بھاگنا معصیت ہے جنگ سے بھاگنے کے حکم مین ہے اور اگر یہ اعتقاد رکھے کہ نہ بھاگے تو البتہ مر جائیگا اور اگر بھاگے تو البتہ سلامت رہے گا تو کافر ہو جاتا ہے نعوذ باللہ من ذالک اور فرماتے ہین - قاعدہ شرعیہ اس وبا مین یہی ہے کہ جہان ہے نجانا چاہئے اور اس جگہ سے کہ ہو نہ بھاگنا چاہئے اور اگرچہ بھاگنا بعض مواقع مین مثلاً زلزلہ شدہ یا آتش گرفتہ مکان سے یا خم شدہ دیوار کے نیچے بیٹھنے سے - ہلاکت کے غالب گمان وقت وارد ہوا ہے لیکن طاعون مین سوا حکم صبر کے کچھہ نہین آیا ہے اور بھاگنا جایز قرار نہ دیا گیا - اور طاعون کو ان امور پر قیاس کرنا فاسد ہے کیونکہ وہ عادی اسباب سے ہین - اور یہ اسباب وہمی سے اور بہر صورت بھاگنا وہان سے جایز نہین ہے اور کہین وارد نہین ہوا ہے اور جو شخص بھاگے وہ عاصی اور مرتکب گناہ کبیرہ اور مردود ہے - امام ربانی مجدد الف ثانی قدس سرہ العزیز اپنے مکتوبات مین تحریر فرماتے ہین - مکتوب د ۳۹۹ ء جلد ا - درین وبا از نشوی اعمال ما اہل موضعان بلا شدند کہ بما اختلاط بیشتر داشتند و زنان - کہ مدار نسل و بقای نوع انسانی بوجود ایشان است بیشتر از

مردان مردند۔ ہر کہ درین وبا از مردن گریخت وسلامت ماند خاک برحیات او۔ وآنکہ نگریخت ومرد طوبیٰ و
وبشریٰ لہ بالشہادۃ و ایضاً قال۔ واین فرار در رنگ فرار یوم زحف است وگناہ کبیرہ است از مکر خدا اندکہ
است کہ گریزندہ سلامت ماند وصبر کنندگان ہلاک شوند۔ یضل بہ کثیراً ویہدی بہ کثیراً ترجمہ۔ اس وبا مین
ہماری شامت اعمال سے اول جو ہمے ہلاک ہوئے جو ہم سے زیادہ ملے جلے رہتے تھے اور عورتین
کہ مدار نسل اور بقائے نوع انسانی ان کے وجود پر موقوف ہے مردون سے زائد مرین۔ جو شخص اس
وبا مین بھاگا اور سلامت رہا اوس کی زندگی پر خاک ہے۔ اور جو کہ نہ بھاگا اور مرا اوس کے لیے
شہادت کی بشارت ہے۔ اور فرماتے ہین کہ یہ بھاگنا جنگ سے بھاگنے کے حکم مین ہے اور گناہ کبیرہ
ہے۔ یہ خدا کا بھید ہے کہ بھاگنے والا سلامت رہے اور صبر کرکے رہنے والے ہلاک ہون۔ گمراہ کرتا ہے
ساتھ اس کے بہت لوگون کو۔ اور ہدایت پر لاتا ہے ساتھ اس کے بہت کو۔

اور اسی طرح سے بہت سی عبارتین کتب معتبرہ مین موجود ہین جن سے فرار از طاعون کی حرمت ثابت
ہوتی ہے بخوف طوالت نقل نہین کی گئین اللہ تعالےٰ سے ڈرنے والے مسلمان کو یہہ دلائل بھی کیا
کم ہین۔ حق تعالیٰ سب مسلمان بھائیون اور بہنون کو شریعت محمدیہ پر عمل کرنا نصیب فرمائے آمین۔

تنبیہ۔ آجکل اکثر لوگ طاعون سے بھاگنے کے جواز پر یہ دلیل لاتے ہین کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ
نے اپنی فوج کو جسمین ہزارہا صحابی رضی اللہ عنہم تھے مقام طاعون سے ہٹ جانے کا حکم دیا تھا۔ جب ایسے جلیل القدر
صحابی رضی اللہ عنہ سے یہ امر ثابت ہے تو اوس پر عمل کرنا ہمکو بیشک جایز ہے۔

اے برادران اسلام یہہ کسقدر جرات کی بات ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ جیسے ارضیٰ بالقدر والقضاء واتقی الاتقیا
اور ہزارہا صحابہ کبار کو طاعون سے بھاگنے والے اور نہی از فرار کے مرتکب بنانا چاہتے ہین۔ ادنیٰ سے
ادنیٰ مومن کے بدن پر رونگٹے کھڑے ہو جائینگے کہ ایسے اکابر امت پر اتنا بڑا بہتان کہ طاعون سے
ڈر کر مکان بدلدے یا اس بات کا حکم فرمائے۔ اللہ اکبر وہ تو حکم رسول پر جان دینے اور شربت شہادت
کے پینے کی تلاش مین رہتے تھے۔ بڑے دلاور شیر بہادر جرار وصابر تھے ہزار افسوس کہ ایسے اکابر امت
کو بدکرنا اور دیدہ و دانستہ اون پر عیب لگانا چاہتے ہین۔ جس سے اونکی عظمت عوام اہل اسلام کے دل سے
نکلجائے نعوذ باللہ من ذالک۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ، مقام طاعون پر جانے اور اوس سے بھاگنے ہر دو کو
حرام اور تہمت کا کام جانتے تھے۔ چنانچہ مقام سرغ سے شام مین طاعون کی خبر سنکر مہاجرین وانصار ومشیخہ
قریش سے مشورہ لینے کے بعد واپس آنے لگے تھے کہ اوس پر حضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ سے حدیث

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، اذا سمعتم بہ بارض فلا تقدموا علیہ واذا وقع بارض وانتم بہا فلا تخرجوا فرارا منہ سنکر

الحمد للہ فرمایا اور نہی عن القدوم پر عمل کیا جیسا کہ کنز العمال مین ہے :۔ اس پر بعض نافہمون نے یہہ اعتراض کر دیا کہ عمر رضی اللہ عنہ طاعون سے بہاگ گئے ۔ جب یہ اعتراض حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے گوش زد ہوا تو آپ نے جناب باری مین یہہ برات پیش کی کہ یا اللہ لوگ مجہپر تہمت لگاتے ہین کہ مین طاعون سے بہاگ گیا (اور سب کو معلوم ہے کہ آپ طاعون کی بستی مین تو گئے نہین پہر بہاگنا کیا معنی ۔ البتہ طاعونی مقام پہر جانیکی ممانعت کیوجہ سے واپس ہوگئے تھے جن کو ناواقف لوگ اولٹا فرار من الطاعون سمجہہ گئے)

فتح الباری مین طحاوی سے منقول ہے ! ۔ قال عمر بن الخطاب اللھم ان الناس قد نحلونی ثلثا انا ابراء الیک منہن زعموا انی فررت من الطاعون و انا ابرا الیک من ذالک اھ مقام غور ہے کہ جب طاعونی مقام سے نقل کرنیکو سلامتی کا موجب خیال کرنا کسی ادنی مومن کا کام نہین ہے تو چہ جائے کہ عمر فاروق رض کہ صالح للنبوتہ وفاضل اعلیٰ درجہ کا حامی ملت جنکی شان مین ۔ لو کان بعدی نبی لکان عمر بن الخطاب اور ان اللہ جعل الحق علی لسان عمر و قلبہ وارد ہے ۔ ایسا خیال کرین یا فوج کو مقام طاعون سے ہٹ جانیکا حکم سنائین ۔ عیاذاً باللہ تعالی افسوس تو یہہ ہے کہ جس تہمت سے وُہ برات کرتے ہین وہی تہمت اون پر لگاتے ہین ﴿ اور نص صریح ناہی کے روبرو جہوٹے حیلے لوگون کو سکہلا کر قیاس باطل بمقابلہ نص تک پہونچتے ہین بہرحال تاویلات واہیات و کلیات نامرضیات کو سنا کر کیسطرح سے حکم شاہنشاہی کا معاوضہ کرنا اور دوسرے مسلمانون کو بہکانا ۔ مومن باللہ تعالیٰ و بالرسول کا کام نہین اور اس جرات عظیم کا انجام بہت ہی برا ہے ۔ اللہ تعالے تمام مومنون کو ایسی بے باکی و دہوکہ بازی سے بچائے ۔ آمین ۔ چونکہ اس رسالہ کی بنا اختصار پر رکھی گئی ہے ﴿ لہذا زیادہ تفصیل کی گنجایش نہین ﴿ ۔ فتح الباری و طحاوی مین تمام شبہات کا دفعیہ بخوبی مذکور ہے جسکا جی چاہے مطالعہ کرین ﴿

سوال ۔ جب احادیث صحیحہ سے ثابت ہوا کہ طاعون رحمت ہے تو پہر کس لئے مدینہ منورہ اس سے محفوظ رکھا گیا ہے جو آج تک شہر ان طاعون نہ آیا اور حدیث شریف مین آچکا ہے کہ مدینہ طیبہ مین طاعون نہ آئیگا ۔

جواب اگرچہ طاعون رحمت ہے مگر اس کا سبب کافر جنات کا تصرف ہے جیسا کہ مذکور ہوا اور کافر جن مدینہ منورہ مین داخل ہونے سے روک دئے گئے ہین کذا ذکرہ ابن حجر رح فی الفتاوی ﴿

سوال ۔ جو لوگ طاعون کو خدا تعالی کی رحمت اور شہادت نہین سمجہتے بلکہ اسکو صرف دنیا کی ہوا بدلجانے سے انسانون پر مصیبت خیال کرتے ہین یا فقط قہر خدا لکھتے ہین اگر ایسے اعتقاد والے طاعون سے مرجائین تو اون کو شہادت کا مرتبہ ملیگا یا نہین ﴿

جواب ۔ حدیث قدسی مین وارد ہے انا عند ظن عبدی بی یعنے حق تعالی فرماتا ہے کہ میرا بندہ جیسا میرے ساتھ گمان رکھتا ہے مین اوس کے ساتھ ویسا ہی ہون اگر وہ گمان خیر کا رکھتا ہے تو اوس کے لئے خیر ہی ہے اگر وہ برائی کا گمان رکھتا ہے تو اوس کے لئے برائی ہی ہے۔ اور صحیح بخاری مین ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک بیمار اعرابی سے فرمایا۔ لا باس بہ طہور انشاء اللہ۔ یعنے کچھ مضائقہ نہین یہ بیماری تیرے لئے گناہ سے پاک کرنے والی ہے اوس نے یہ سنتے ہی ازروے انکار کہا کہ قبرستان پہونچانے والی ہے تو آپ نے فرمایا کہ ہان اب تیرے لئے یہ بیماری ایسی ہی ہے۔ اسی طرح جو شخص طاعون سے خدا کی رحمت کا گمان نہین رکھتا ہے بلکہ اوسکو صرف قہر اور غضب آلہی جانتا ہے تو اوس کے لئے طاعون سے مرنے کے سبب سے کوئی حصہ خدا کی رحمت کا نہ ملیگا نعوذ باللہ من ذالک۔

برادران اسلام طاعون کا رحمت ہونا خدا کے طرف سے بڑی نعمت ہے اسپر اعتقاد رکھو اور علماء کی تائید کرو کہ وہ ہرجا بیان کرسکین۔ اسلئے کہ جب عقائد مین فساد پیدا ہو اوس وقت کوئی عالم خاموش رہجائے اور مسلمانون کے عقاید کی اصلاح نہ کرے تو اس عالم پر خدا کی لعنت ہوتی ہے چنانچہ حضرت مجدد الف ثانی رحمت اللہ علیہ اپنے رسالہ رد شیعہ مین حدیث نقل فرماتے ہین۔ میرے بھائیو عقل انسان مین بہت بیبہا جوہر ہے اس سے کام لو اور خدا و رسول کی باتون کو خوب سمجھو مگر عقل سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیثون کو ردمت کرو اور جو بات سمجھ مین نہ آئے اوسکو حق مان کر خدا و رسول کے حوالہ کردو۔ دیکھو آج کل بڑے بڑے انگریزون کی تحقیق آسمان کی نسبت (جسپر ہمارا اعتقاد ہے) یہ ہی کہ فی الواقع کوئی چیز نہین ہے۔ جب ایسے بڑے آسمان کا علم اون کو نہین ہے تو طاعون کی حقیقت کیا معلوم ہوگی۔

بعض لوگ جن کا اعتقاد سائنس پر ہے علما کو حکام وقت کے پاس بدنام کرتے ہین کہ وہ لوگون کو سکھلاتے ہین کہ طاعون رحمت و شہادت ہے اوس سے بچنے کی کوئی تدبیر نہ کرو۔ یہ محض افتراء ہے۔ علما یہ کہتے ہین کہ طاعون کی دوائیون کے استعمال کے سوائے نماز و تسبیح و تہلیل و قراءت قرآن و توبہ و استغفار و صدقا کو بھی لازم سمجھین کہ یہ سب اعمال خدا تعالے کے غضب کو ٹھنڈا کرنے والے ہین مگر طاعون کو بُرا بھلا مت کہو تقدیر سے اگر موت آگئی تو رحمت و شہادت سمجھو۔

سوال ۔ مرض طاعون متعدی یعنے ایک کا طاعون دوسرے کو لگ نے والا ہے یا نہین۔

جواب ۔ ابن حجر مکی رحمہ اللہ تعالی فتاوی کبری صفحہ ۲۸ جلد ۴ مین لکھتے ہین ۔ ان المرض لایعدی اصلا

بل من وقع لہ ذالک المرض ہو بخلق اللہ سبحانہ وتعالی فیہ ابتداء وھذا ہو الراجح لعموم قولہ صلی اللہ علیہ وسلم

لا اعدی شیئ شیئا وقولہ فمن اعدی الاول الخ یعنے کسی کا مرض کسیکو نقل نہین کرتا ہے بلکہ جس طرح پہلے شخص کو (بغیر اس کے کہ وہ کسی بیمار کے پاس رہا ہو) اللہ تعالےٰ نے بیمار کیا اسی طرح دوسرے شخص کو بھی خود اللہ تعالیٰ ہی بیمار کرتا ہے - یہی قول راجح ہے - دوسرے اقوال ضعیف ہین کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرما چکے ہین کہ کسی کی بیماری کسی کو نہین لگتی اور یہ بھی فرماتے ہین کہ خارشتی اونٹون مین جسطرح پہلے اونٹ کو کسی اونٹ کی خارشت نہین لگی ہے اسیطرح دوسرے اونٹون کو بھی کسی اونٹ کی خارشت نہین لگی بلکہ خدائے تعالیٰ کے ہی طرف سے ہے - اگر ایک کا طاعون دوسرے کو لگ جانیوالا ہوتا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہرگز ہرگز یہ نہ فرماتے کہ طاعونی مقام سے مت نکلو اور اسی جائے پر صبر کرو اور تقدیر پر اعتقاد رکھو - تجربہ سے معلوم ہو چکا ہے کہ جو لوگ طاعونی بیمار کے پاس رہے اور اوس کی خدمت کئے وہ صحیح و سالم رہگئے اور دوسرے مکان والے جو بالکل دور رہتے تھے - طاعون مین مبتلا ہو گئے - بڑے بڑے حکیم اور ڈاکٹرون کا بھی تجربہ ہے کہ طاعون لگنے والی بیماری نہین ہے - چنانچہ حاذق الملک حکیم اجمل خانصاحب اپنے رسالہ مین لکھتے ہین کہ ڈاکٹر کلکھارن اور ہیفکن نے حال کے وبائے بمبئی مین تحقیقات کے بعد لکھا ہے کہ طاعون متعدی نہین ہے - اس کے ثبوت مین انہون نے یہ بیان کیا ہے کہ محکمۂ حفظان صحت اور پولیس کے افسر بدتر سے بدتر وبازدہ لوگون کے پاس گئے - لیکن اُن تک کسی قسم کا وبائی اثر متعدی نہین ہوا اور دوسرے صفحہ مین لکھتے ہین کہ ڈاکٹر کلکھارن کی تحقیقاتی کمیٹی کی تنہا یہ رائے نہین ہے بلکہ یورپ کے ایک گروہ کا یہ خیال ہے کہ پلیگ متعدی نہین ہے اس کے ثبوت مین چند تاریخی شہادتین پیش کی جاتی ہین کہ سنہ ۱۸۳۵ء مین قاہرہ کے شفاخانہ مین تین ہزار وبائی مریض زیر علاج تھے ان بیمارون کے بستر دوسرے بیمارون کے استعمال مین آئے لیکن وہ اس مرض سے محفوظ رہے - اور سنہ ۱۸۷۸ء مین رشیا کے بعض دیہات مین یہ مرض دو مہینے تک محدود رہا اور اس دو مہینے کے عرصہ مین طاعونی گاؤن اور دوسرے دیہات مین باہمی آمد و رفت رہی لیکن انپر اس مرض کا کوئی اثر ظاہر نہوا سنہ ۱۸۳۴ء مین آٹھ مہینہ تک اسکندریہ مین طاعون رہا لیکن تجارت بے خطر تھی اس قسم کے اور واقعات بھی تاریخ سے ثابت ہوتے ہین الخ خود ہمارا ذاتی تجربہ ہے کہ طاعونی مریض کے بعض بعض اقارب اپنی دلی محبت کی وجہ سے شب و روز اس مریض کے ساتھ رہے اور اسی کے پاس بیٹھتے اور اپنے ہاتھون سے اوسکی خدمت کرتے تھے دوا کھلانا گلٹیون کو صاف کرکے دوا لگانا اونکا کام تھا مگر وہ طاعون سے بالکل بچے رہے اور طاعونی اموات کو غسل دینے والے جنازہ اٹھانے والے اہل جماعت کی طرف سے متعین تھے لیکن وہ لوگ

تا اختتام طاعون محفوظ از طاعون رہے ۔

سوال ۔ ایام طاعون مین چوہا جس مکان مین مرجائے اس مکان مین طاعون پیدا ہونیکی دلیل یا اسکا مقدمہ سمجھنا جیساکہ فی زمانناً اکثر لوگ سمجھتے ہین کیسا ہے ۔

جواب ۔ اگرچہ ایسے ہونا ممکن ہے لیکن کچھہ لازمی نہین ہے تجربہ اور مشاہدہ سے پایۂ ثبوت کو پہنچا ہے کہ بہت سے ایسے مکانات جنمین چوہے بتعداد کثیر مرے ہوے نکلے ان مین کوئی مبتلاء طاعون نہو اور اکثر مکانات مین ایسا بھی ہوا ہے کہ کوئی چوہا انمین نہ مرا اور متعدد اموات ہوگئین چنانچہ خود اس مسکین کے مکان مین کوئی چوہا مرا ہوا نہ پایا گیا لیکن طاعون سے متعدد لوگ فوت ہوئے پس جب تجربہ یہ بتلا رہا ہے تو چوہے مرنے کو طاعون کا مقدمہ یقینی طور سے کیونکر تصور کرسکتے ہین اور کبھی یون بھی ہوتا ہے کہ چوہے آپسمین لڑکر گرتے ہین اور تندرست رہتے ہین تاہم لوگون کو یہی وہم ہوتا ہے کہ طاعون زدہ چوہا ہے ۔ بہرصورت کسی ذیروح کا مرنا دوسرے ذیروح کے موت یا بیماری کا مستلزم نہین ہے بلکہ فی الحقیقت بات یہ ہے کہ چوہے وغیرہ بھی ہماری شامت اعمال سے مرتے ہین اور طاعون ہمارے معاصی کی وجہ سے آتا ہے اور مفت مین دوسرون کی موت ہے ۔

سوال ۔ ایام طاعون مین مسلمانون کو کیا کرنا چاہیئے ۔

جواب ۔ چونکہ یہ بات ثابت ہوچکی ہے کہ طاعون بندون کے گناہون کے سبب سے آتا ہے اور حق تعالے اپنے غضب کو اس صورت مین ظاہر فرماتا ہے تاکہ بندے اپنے گناہ سے باز آئین تو بندون کو چاہیئے کہ غضب آلہی کو ٹھنڈا کرنے کی کوشش کرین یعنے رجوع الی اللہ کرکے جس معصیت سے طاعون آتا ہے اس سے خصوصاً اور تمام گناہون سے عموماً توبہ و استغفار کرنے کو لازم سمجھین نماز پنجگانہ و تسبیح و تہلیل تلاوت قران و صدقات مین مشغول رہین اور خدا ہی پر توکل رکھین کہ تقدیر الٰھی کے خلاف کچھہ نہین ہوتا

توبہ کی تین شرطین ہین ۔ **اول** ۔ اپنے کئے ہوئے قصور و گناہ کو یاد کرکے دل مین پشیمان ہونا ۔

دوم ۔ اوس گناہ سے خلوص الحاح کے ساتھ جناب باری مین معافی مانگنا ۔

سوم ۔ پھر کبھی ہرگز اس گناہ کے کرنے کا قصد نہ رکھنا ۔ جب ان شرایط کیساتھ توبہ ہو تو وہ توبہ ضرور مقبول ہوتی ہے ۔

استغفار احادیث مین بہت قسم کے وارد ہین مگر سید الاستغفار کی بڑی فضیلت آئی ہے ۔

چنانچہ صحیح بخاری مین روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے۔ ومن قالہا من النہار و ہو موقن بہا فمات قبل ان یمسی فہو من اہل الجنۃ ومن قالہا من اللیل و ہو موقن بہا فمات قبل ان یصبح فہو من اہل الجنۃ۔ کہ جس نے اس کے معنی پر یقین رکھکر دن مین پڑھا پس وہ شام ہونے کے آگے مرگیا تو وہ اہل جنت سے ہے اور جس نے اس کے ساتھ یقین رکھکر شب مین پڑھا اور صبح ہونے سے قبل مرگیا تو وہ اہل جنت سے ہے۔ سید الاستغفار یہ ہے۔ اَللّٰہُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَاَنَا عَبْدُکَ وَاَنَا عَلٰی عَہْدِکَ وَوَعْدِکَ مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ اَبُوْءُ لَکَ بِنِعْمَتِکَ عَلَیَّ وَاَبُوْءُ لَکَ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْ لِیْ فَاِنَّہٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ۔ اے اللہ تو ہی میرا رب ہے تیرے سوا کوئی معبود نہین مجھکو تو نے پیدا کیا اور مین تیرا بندہ ہون اور مین تیرے اقرار اور وعدہ پر میری طاقت کے موافق قایم ہون۔ مین تیرے ساتھ پناہ مانگتا ہون اوس چیز کی بُرائی سے جو مین نے کیا۔ مین اقرار کرتا ہون تیری نعمتون کا جو مجھپر ہین اور اقرار کرتا ہون میرے گناہون کا۔ پس تو مجھے بخشدے کہ تحقیق تیرے سوا گناہون کو کوئی نہین بخشتا۔

تسبیحات بھی حدیثون مین کئی طرح کے وارد ہین اور اوس کے بھی بڑے فضائل ہین اُن مین سے ایک دو یہان ذکر کئے جاتے ہین۔ صحیح بخاری مین وارد ہے کہ نبی کریم علیہ الصلوۃ والتسلیم نے فرمایا کلمتان خفیفتان علی اللسان ثقیلتان فی المیزان حبیبتان الی الرحمان۔ یعنے دو کلمے ہین کہ زبان پر ہلکے ہین (کہ ہر مرد عورت بچہ جوان بوڑھا اہل علم بے علم سب اون کو بآسانی پڑھ سکتے ہین اور زبان پر ہلکے ہونے سے یہ گمان نہ کرین کہ قیامت مین میزان مین بھی ہلکے ہونگے بلکہ) وہ دو کلمے میزان مین بھاری ہونے والے ہین (اس لئے کہ) وہ رحمان کے بہت محبوب ہین وہ کلمے یہ ہین۔ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ پاکی سے یاد کرتا ہون مین اللہ کو اور اوسکی تعریف کے ساتھ پاک ہے اللہ عظمت والا۔

مؤطا مالک رحمۃ اللہ علیہ مین اس تسبیح کے متعلق یہ حدیث وارد ہے۔ من قال سبحان اللہ وبحمدہ فی یوم مأتہ مرۃ حطت عنہ خطایاہ وان کانت مثل زبد البحر۔ یعنے جس شخص نے مذکور تسبیح ایکدن مین سو مرتبہ پڑھا تو اوس کے (صغیرہ) گناہ اگرچہ کف دریا کے برابر ہون معاف کئے جاتے ہین۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ دعوۃ ذی النون اذا دعا بہ وھو فی بطن الحوت لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۔ لم یدع بہا رجل مسلم فی شیٔ الا استجاب لہ رواہ احمد والترمذی۔ مشکوۃ۔ یعنے دعا مچھلی والے کی یعنے یونس علیہ السلام کی جو وقت کہ اپنے رب سے دعا مانگے

اس حالت میں کہ مچھلی کے پیٹ مین تھے لاالہ الاانت آخر تک یعنے کوئی معبود نہین تیرے سوائے پاک ہے تو تحقیق مین ظالمون سے تھا۔ یہان دعا مانگتا کوئی شخص مسلمان اسکے ساتھ کسی حاجت مین مگر اللہ تعالی اوس کے لئے قبول کرتا ہے۔

یہ تسبیح ہر مطلب اور حاجت بر آنے کے لئے نہایت سریع التاثیر ہے۔ اور شفاء العلیل مین ہے کہ ایسا کوئی عمل نہین کہ جسکی صحت قران مجید اور صحیح حدیثون اور اقوال مشایخ سے ہو سوائے اس عمل کے کہ اوسکی صحت قران مجید و احادیث اور اقوال مشایخ سے ثابت ہے اس کے علاوہ اسکی شان مین خود ارشاد باری ہے۔ فاستجبنا لہ ونجیناہ من الغم وکذالک ننجی المومنین۔ یعنے حق تعالے فرماتا ہے کہ پس قبول کیا ہم نے اس کے (یعنے یونس علیہ السلام کے) لئے۔ اور ہم اوسکو غم سے نجات دئے اور ہم اسیطرح نجات دیتے ہین مومنون کو۔ تفسیر فتح العزیز مین ہے کہ معتبر مشائخین سے سند آئی ہے کہ ہر رنج اور مصیبت کے لئے اس آیت کا پڑھنا تریاق مجرب ہے اور اسکے پڑھنے کے دو طریقے ہین اول یہ کہ ایک لاکھ پچیس ۲۵ ہزار مرتبہ۔ ایک طور اور شکل سے ایک ۱ یا تین ۳ جلسہ مین پڑھین۔ دوسرا ۲ طور یہ ہے کہ ایک شخص تنہا اندھیرے مقام مین باوضو قبلہ رو بیٹھکر بعد نماز عشاء کے تین سو ۳۰۰ مرتبہ مذکور تسبیح کو پڑھے اور ایک پیالہ پانی سے بھرا ہوا اپنے پاس رکھے اور دمبدم اپنا ہاتھ اوس پانی سے تر کرکے اپنے منہ اور بدن پر ملتا جائے۔ تین ۳ یا سات ۷ یا چالیس ۴۰ دن تک اسی طور اور ترتیب سے پڑھے اھ۔

اور درود شریف کی کثرت بھی عجیب وغریب اثر رکھتی ہے۔ ترمذی شریف مین ہے کہ ابی ابن کعب رضی اللہ عنہ نے عرض کیا کہ۔ انی جعلت لک صلاتی کلہا۔ یعنے یا رسول اللہ مین نے میرے وظیفہ کا سا وقت درود کے لئے مقرر کیا ہے تو حضرت نے فرمایا اذا یکفی ہمک ویغفر ذنبک۔ یعنے اب کافی ہے تیرے غم کو اور تیرے گناہ معاف ہونگے۔ اس کے علاوہ درود شریف پڑھنے والے پر بہت سی رحمتین نازل ہوتی ہین۔ اور شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمت اللہ علیہ۔ قول الجمیل مین فرماتے ہین وجدنا بھا ما وجدنا یعنے جو کچھ ہم نے پایا درود کی برکت سے پایا۔ اھ

ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فکر و غم کی شدت کے وقت یہ دعا پڑھا کرتے تھے۔ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْعَظِیْمُ الْحَلِیْمُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَرَبُّ الْاَرْضِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْکَرِیْمِ۔ متفق علیہ کذا فی المشکوٰۃ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ اجمعین نے فرمایا کہ البتہ میرا کہنا۔ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ۔

کا مجھے اُن چیزون سے بہت پسند ہے کہ جن پر آفتاب نکلا ہے یعنے دنیا اور دنیا کی سب چیزون سے اس تسبیح کا پڑھنا مجھے بہت پسند ہے۔ اور حدیث شریف مین آیا ہے۔ افضل الذکر لا الہ الا اللہ یعنے بہتر ذکر لا الہ الا اللہ ہے۔ کتب احادیث مین اسی طرحکی بہت سی دعائین اور تسبیحات وارد ہین کہ ایک سے ایک افضل و بہتر ہین اور اُن سب کے نقل کرنے کی اس مختصر رسالہ مین گنجایش نہین ہے البتہ اس مسکین نے رسالۂ دواء البلاء الصدقتہ والدعاء مین اس کا بیان کچھہ تفصیل کیساتھہ لکھا ہے۔

خلاصۂ کلام وغایت المرام یہ ہے کہ مذکور دعائین وغیرہ خلوص اور حسن اعتقاد کے ساتھہ پڑھتے ہوئے خدائے عز وجل پر توکل رکھین کہ آفات کا دفع کرنے والا اور حاجات کا برلانے والا اس کے سوا کوئی نہین۔ اللہ تعالے فرماتا ہے۔ وعلی اللہ فلیتوکل المومنون یعنے مومنون کو خدا ہی پر توکل کرنا چاہیئے۔

فائدہ۔ جو کچھہ تسبیحات اور دعائین مذکور ہوئی ہین وہ محض خدا تعالے کے غضب کو فرو کرنے کیلئے ہین کیونکہ طاعون بسبب ہمارے گناہون کے غضب الہی سے آتا ہے جیسا کہ اسی کتاب مین مذکور ہو چکا ہے اور تسبیحات اور دعاؤن کے تمام کلمات بندون کی عاجزی اور گناہون سے بخشش طلب کرنے اور حق تعالے کو خوش کرنے پر دلالت کرتے ہین۔ اور مقصود دعاؤن کے پڑھنے سے یہی ہے کہ ہمارا مالک ہم سے راضی اور خوش ہو جائے جس کا لازمی نتیجہ یہ ہے کہ غضب الہی مبدل برحمت نامتناہی ہو جائے گا۔ مگر یاد رہے کہ نماز پنجگانہ کو ترک کرکے صرف دعا تسبیح پر اکتفا کرنا ہرگز ہرگز نفع نہ دے گا۔

اور قرآن مجید کی تلاوت کرنا سب سے اعلی ہے کیونکہ حدیث شریف مین وارد ہے۔ اھل القرآن اھل اللہ خاصتہ۔ یعنے قران پڑھنے والے خاص اللہ والے ہین۔ اور حدیث شریف مین آیا ہے کہ قرآن شریف کی تلاوت سے تلاوت کرنے والے کو تقرب الہی حاصل ہوتا ہے جو بہت بڑا مرتبہ اور نعمت عظمی ہے۔ چاہیئے کہ باخلاص وادب خدائے تعالے کی عظمت وہیبت کا خیال رکھکر پڑھا کرین۔ اسکے فضائل اکثر مسلمان جانتے ہین اور بہت سی کتابون مین بھی مذکور ہین۔

فائدہ۔ غضب خداوندی کو ٹھنڈا کرنے کے لئے صدقہ وخیرات کا دینا بھی بڑی تاثیر رکھتا ہے حتی الامکان نیک لوگون بیوہ عورتون یتیمون اور متوکلین کو دین فقط۔ ھذا آخر ما قصدت فی تحریرہ

ھٰذہ الاوراق التی ینفع بہا الناظرون بالاشواق جعلہا اللہ خالصۃ لوجہہ الکریم ویعم النفع بہا لی وسائر اھل الدین القویم ۔ اللّٰھم لا تؤاخذنا بسوء اعمالنا وبشر افعالنا وبہ ودا ئوالنا برحمتک یا ارحم الراحمین ٥۔

قصیدہ دعائیہ

بندہ ہون تیرا پُر جرم وخطا	ربا غفرلی وارحمنی	تجھ سے ہمیشہ ہے یہ دعا	رب اغفرلی وارحمنی
ہون غرقِ معاصی مدت سے	امید ہے تیری رحمت سے	یہ عرض ہی تجھ سے صبح ومسا	رب اغفرلی وارحمنی
لے اللہ تو رب میرا	پیدا مجھکو تو نے کیا	عاصی بندہ ہون تیرا	رب اغفرلی وارحمنی کو
تیرے عہد وعدہ پر	قایم ہون مین ادا اور	مجھ سے ممکن ہے جتنا	رب اغفرلی وارحمنی
دائم تھا مین غفلت مین	شیطان کی ہا مین الفت مین	سائل ہون مین اب شاہا	رب اغفرلی وارحمنی
خطا سے خالی لے اللہ	مجھ پہ نہ گزرا کوئی لمحہ	نظر کرم کی اب فرما	رب اغفرلی وارحمنی
عابد کا وسیلہ ہے طاعت	زاہد کی نظر ہی بر جنت	ہے تجھ پہ بھروسہ مسکین کا	رب اغفرلی وارحمنی

خاتمہ ۔ الحمد للہ الذی یدعوہ الداعون این رسالہ مشتمل بمسائل طاعون از روایات صحیحہ علماے واعون المسمی بما اوردہ الساعون فی اخبار الطاعون جسکی ابتدا ، ۲۵ محرم الحرام ۱۳۳۵ھ کو ہوئی تھی باوجود علالت ونقاہت محض اللہ پاک کے فضل ورحمت سے بتاریخ ۵ صفر ۱۳۳۵ھ مطابق ۲۷ دسمبر ۱۹۱۶ء بروز جمعہ بساعت نیک حسن اختتام کو پہونچا حق تعالے اس کو اپنے جود اتم سے خاص اپنے وجہ کریم کے لیئے گردانے اور مجھکو اور تمام مومنین اور مومنات کو اسپر عمل کرنے کی توفیق عنایت فرمائے آمین وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العلمین وصلی اللہ تعالی وسلم علی حبیبہ سید المرسلین سیدنا ومولانا محمد والہ واصحابہ واولیاء امتہ اجمعین ۔ اور طبع رسالہ ہذا کے معاونین جناب مولوی حیدر شریف صاحب واروغہ دار الضرب سرکار عالی وجناب محمد ابراہیم صاحب تاجر تواکہ وجناب مولوی یوسف علی صاحب وجناب مولوی عبد الرزاق صاحب وجناب منشی محمد امیر صاحب وجناب منشی احمد علی بیگ صاحب کو اللہ پاک دارین مین جزائے خیر عنایت فرمائے اور اونکے مقاصد دلی برلاوے آمین فقط

کتبہ المسکین عبد ذلیل لرب جلیل محمد عبد الھادی ابن الحاج محمد عبد الکریم تغمدہما اللہ بفضلہ العمیم

قطعہ تاریخ اختتام رسالہ ہذا از مولف مسکین عفا عنہ اللہ المتین وعن والدیہ من جمیع المسلمین

شکرِ خدا رسالہ طاعون چھپ گیا
تاریخ بھی عجیب ہے طاعون کی رقم
جو مومن و محبِ خدا و رسول ہے
توفیق مومنون کو عمل کی نصیب ہو
سالِ ختام کہدیا مسکین زروی دل
۴

قرآن اور حدیث کا مضمون ہے بےنظیر
حاصل ہو جس سے لطف بہر اک جوان و پیر
جان دیگا اونکے حکم پہ بے شبہ و بے نکیر
مقبول کر رسالہ ہذا کو اے قدیر
طاعون کے چھپے ہین یہ اخبار دلپذیر
۱۳ ۲۶ ف

قطعہ تاریخ طبع رسالہ ہذا از شاعر نازک خیال گوہر درج کمال جناب ابو المعالی میر عنایت العلی صاحب قابل حیدر آبادی سلمہ اللہ تعالی

بحمد اللہ دین آور این میمون
جزاہ اللہ فی الدارین خیرا
رسالہ حیدر بادی کا جو پڑھ لے
حدیثِ مصطفٰے آیاتِ قرآن
یہ ہے علمائے امت کا فریضہ
کہا ہے رب نے ان یدرکم الموت
مسلمانو یہ ہے دراصل رحمت
نہ بھاگو موت سے پیسہ کی خاطر
پڑھو دن رات استغفار لوگو!
تو کہدے مصرعِ تاریخ قابل
جو اس سے ڈرتے تھے لو چھپ گیا اب

رسالہ چھپ گیا اخبارِ طاعون
لکھا ہادی دین نے خوب مضمون
رہیگا وہ عذابِ رب سے مامون
علاوہ اس کے ہے تاریخ طاعون
کرین ظاہر جو کچھ سچا ہو مضمون
ٹلیگا کیسے حکمِ ربِ بیچون
سمجھتے ہو جسے تم مرضِ طاعون
نہین پوشیدہ تم سے حالِ قارون
رکھو وردِ دعائے پاک ہی افزون
عیان ہو جس سے پورا پورا مضمون
اک ان کا ہے بنا اخبارِ طاعون
۱۳ ۳۵

ختم شد بالخیر

۱۹۱۷

فن نمبر

Checked 1997